نوٹ ..... :- سابقہ دفتروں کی طرح ہر ورق پر حاشیے نقل کئے گئے ہیں۔ سب سے زیادہ حاشیے سیف اللہ اور میر ھاشم کے ہیں۔ کسی مولوی قادر کا نام بھی ملتا ہے۔

نمبر : 2234

کتاب کا نام... :- **مثنوی معنوی۔ دفتر ششم**

مصنف ..... :- مولانا جلال الدین محمد رومیؒ

مہر و مالک.. :- منجانب خاندان ولی اللہ، احمد آباد ۱۳۳۷۔ خاندان ولی اللہ

سائز..... :- 27x17 سطور ... :- ۱۵

اوراق ..... :- ۱۷۵ (صفحات ۳۵۰) کاتب .... :- -

تاریخ کتابت.. :- ۱۲ ذی الحجہ ۱۱۶۶ / ۱۰ اکتوبر ۱۷۵۳ء

خط ..... :- نستعلیق

زبان ..... :- فارسی موضوع :- تصوف

آغاز..... :- بسم اللّٰہ ۔ وبہ نستعین

مجلد ششم از دفتر ھای مثنوی وبینات معنوی کہ مصباح ظلام وھم وشبہ وخیالات شک وریبت باشد واین مصباح رانحس حیوانی ادراک نتوان کرد زیرا کہ مقام حیوانی اسفل السافلین است

اختتام ..... :۔ این خودی راخرچ کن اندر خدا تا نمانی ہمچو ابلیسی جُدا
آب جان راریز اندر بحر جان تا شوی دریای بی حد وکران

ترقیمہ ..... :۔ تم فی الثانی عشر من ذی الحجّہ وکان یوم الاربعاء ۱۱۶۶ھ

حالت ..... :۔ مجلد۔مکمل۔مزیّن ومذھّب۔کناروں پر کرم خوردہ۔کہیں کہیں کاغذ چسپاں کیا گیا ہے

نوٹ ..... :۔ ورق ا-الف پر کتابت کی ابتداء کی تاریخ اس طرح درج کی ہے:
شروع نمودہ در تحریر این دفتر ششم بہ دھم شوال ۱۱۶۵۔سابقہ دفاتر کے مقابلہ میں اس دفتر کے ورق ا-ب اور ۲-الف زیادہ مزین اور مذہب ہیں۔مثنوی معنوی کی شروحات کے اقتباسات حاشیوں میں مندرج ہیں۔

نمبر : 2235-A

کتاب کا نام... :۔ (رسالہ) تحفۃ الوزرا

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ (20x10.5)24.5x13.5

سطور ..... :۔ ۱۵ خط ..... :۔ نستعلیق

اوراق ..... :۔ ۸ کاتب .... :۔ شاہ محمود نیشاپوری

تاریخ کتابت.. :۔ ۲۰ رمضان ۱۰۷۵ھ/ ۷ راپریل ۱۶۶۵ء

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ پندونصیحت

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ رب یسر وتم بالخیر۔ الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوات علی محمد وآلہ اجمعین اما بعد این کتاب مشتمل است برآنکہ حکما از کتب قدما اختیار کردہ اند فواید بسیار در ضمن ہر حرفی مرقوم ومعلوم می شود

اختتام ..... :۔ باب چہل ام در آنکہ بہ چہار چیز اصل سعادت جہانی ومرادات جاودانی است : فرمان بردن خدا ورسول، خوشنود بودن مادر وپدر، خدمت علما وحکما، شفقت بر خلق خدای تعالی۔ بیشتر حق سبحانہ وتعالی توفیق رفیق دہاد بالنبی والہ الامجاد۔

ترقیمہ ..... :۔ تمت رسالہ الشریفہ علی یداضعف العبادشاہ محمود نیساپوری رحمۃ اللہ علیہ والہ اجمعین

حالت ..... :۔ اچھی حالت میں، واضح جلی خط میں، دوسرے رسالہ کے ساتھ مجلد ہے۔

نوٹ ..... :۔ مجموعہ کے ورق-۲ پر اس رسالہ کا اور اس کے بعد کے رسالہ کا نام مندرج ہے: (۱) رسالہ تحفۃ الوزراء (۲) رسالۂ مغربیہ۔ ورق ۳ اور ۴ سادہ ہیں۔ ورق ۵ پر بائیں طرف کے گوشہ میں قیمت الفاظ میں درج ہے لیکن للعہ کے علاوہ الفاظ قطع ہو چکے ہیں۔ اسی ورق پر جدول کے اندر یہ تحریر ہے: حضرت قطب الاقطاب قدس اللہ سرہ العزیز داخل کتابخانہ غلام سلطان العارفین قدوۃ الاکابر الواصلین تاج المحققین والمقربین فقیر قطب بتاریخ ۱۴ شہر رمضان المبارک ۱۰۷۵ھ..... تحریر نمودہ بندۂ.... ہماں وقت وہماں روز

ورق ۵-ب پر کتاب کا آغاز ہوتا ہے جو چالیس ابواب میں منقسم ہے۔ ان ابواب میں بادشاہ، وزیر اور امیر وغیرہ کے لئے مختلف قسم کی نصیحتیں لکھی گئی ہیں۔

ورق ۸-ب پر ترقیمہ کی عبارت کے بعد حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس اللہ تعالی سرہ العزیز کا اسم گرامی لکھا ہوا ہے اور اس کے نیچے حسب ذیل عبارت مرقوم ہے:

تمت رسالہ شریفہ بدست خط بندۂ اجمیری غلام حضرت سلطان العارفین تاج المحققین والمقربین روز سہ شنبہ تحریر یافت

ہر کہ خواند دعا طمع دارم　　زآنکہ من بندۂ گنہ گارم

نوشتہ بماندسیہ برسفید　　نویسندہ رانیست فردا امید

تحریر فی التاریخ ۲۰ شہر رمضان المبارک ۱۰۷۵ یکپاس روز برآمدہ تمام گفتہ۔

آغاز اور اختتام کی زائد تحریرات میں تضاد ہے۔ مندرجۂ بالا تحریر میں اتمام رسالہ کی تاریخ ۲۰ رمضان ۱۰۷۵ بتائی ہے۔ جبکہ ورق-۵ پر اس رسالہ کے کتاب خانہ میں داخل ہونے کی تاریخ ۱۴ رمضان ۱۰۷۵ لکھی ہے۔

نمبر : 2235-B

کتاب کا نام... :۔ رسالۂ مغربیہ یا الرسالۃ الاحمدیہ

مصنف ..... :۔ شیخ احمد کھٹوؒ

مہر ومالک.. :۔

سائز..... :۔ 24.5x14(16x9) سطور ... :۔ ۷ یا ۸

اوراق ..... :۔ ۱۰سے۴۶=۳۶ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ اور نستعلیق

زبان ..... :۔ عربی۔فارسی موضوع :۔ مناقب

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ۔ الحمد للّٰہ الذی فضل الذاکر علی الناس ونزلہ فی مقعد الصدق والاخلاص والصلوۃ علی من ارسلہ الی کافۃ الناس (سپاس وستایش مرخدای راست انکہ فضل داد بدل وزبان یادکنندہ خدای رابزبان ویابر ہمہ مردمان فراموش کند بدل وترک کنندہ وفرود آوردن..... راستی وپسندیدہ)

اختتام..... :۔ قال العبد المفتقر الی ربہ وانما ادرج من مناقب بعض المشائخ المغربین وکلامھم رضی اللّٰہ لینتفع الناظر الحاظر بقلبہ والسماع والسامع بحدہ اذ یذکر الصالحین نزل الرحمۃ ویتعط بنصائھم فانھا تورث البرکۃ وفضائل المشائخ المغربین ومناقبھم اکثر من ان تحصی واکبر النسخ بذالك یخشی ویذکر اللّٰہ الافتتاح والاختتام والصلوۃ علی نبینا وحبیبنا محمد علیہ السلام وعلی اٰلہ البررۃ الکرام وعلی اصحابہ السفرۃ العظام وسلم تسلیما کثیرا کثیرا برحمتك یا ارحم الراحمین

حالت ..... :۔ خستہ، آب زدہ اور کہیں کہیں دیمک خوردہ ہے۔ اصل عبارت سیاھی میں خط نسخ میں اور زیر سطر فارسی ترجمہ سرخ روشنائی اور خط نستعلیق میں ہے۔ دونوں خط دیدہ زیب ہیں۔

نوٹ ..... :۔ حضرت شیخ احمد کھٹوؒ (وفات ۸۴۹ھ/۱۴۴۵ء) کا لکھا ہوا معروف رسالہ ہے جس میں مغربی سلسلہ کے مشائخ کے مناقب مندرج ہیں۔ موجودہ نسخہ بہت قدیم ہے۔ اوراق کے درمیان سنہری جدول میں عبارت تحریر کی گئی ہے، یہ عبارت کا حصہ جدول کے چاروں کناروں سے پھٹ کر علیحدہ ہو چکا ہے۔

اس رسالہ کی بعد میں تیار کی گئی ایک اور قلمی نقل کی فوٹو کاپی اس کتاب خانہ میں نمبر AxM-037 پر محفوظ ہے۔

نمبر : 2236

کتاب کا نام... :۔ قصیدہ بردہ

مصنف ..... :۔ امام محمد شرف الدین البوصیری

مہر و مالک.. :۔

سائز..... :۔ 4.5x6 سطور ... :۔ ۷

اوراق ..... :۔ ۲۴ کاتب .... :۔

تاریخِ کتابت.. :۔ ۲۸ شعبان (سال درج نہیں ہے) خط ..... :۔ نسخ جلی حروف

زبان ..... :۔ عربی مع فارسی ترجمہ موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم

عربی: اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیرَانٍ بِذِیْ سَلَمَ مُرِحَبُتَ دَمْعًا جَرَی مِنْ مُقْلَةٍ بِدَمِ

فارسی ترجمہ : ایا از جہت یاد کردن ہمسایہا کہ ساکنہ اند در موضعی کہ او را ذی سلم می گویند آمیختی تو اشکی را کہ روان شدہ است از بیغولہ چشم بخون

اختتام ..... :۔ مَارَمَّخَتْ عَذَبَاتَ اِلْبَانِ رَیْحُ صَبَا

وَاَطْرَبَ العِیْسَ حَادِی العِیْسِ بالنَّغَمِ

فارسی ترجمہ: مادامی کہ بجنباند شاخہای درخت را باد صبا بآواز خوش و موزوں

و مادامی کہ در ذوق می آرد شتران سفید را سفیدی ایشان سرخی آمیختہ باشد

ترقیمہ ..... :۔ تمت تمام شد قصیدہ معظم و مکرم بوقت شب بتاریخ بیست و ہشتم ماہ شعبان بجہتہ پاس

خاطر حضرت وقبلہ میاں حسن علی مہر تحریر نمودہ

حالت ..... :۔ اچھی حالت میں غیر مجلد۔ عمدہ خط۔ قصیدہ ورق۔ ا-ب سے شروع ہوتا ہے

نوٹ ..... :۔ ورق۔ا-الف پر اس قصیدہ کا سبب نظم عربی میں مختصراً البتہ فصیح زبان میں بیان کیا گیا ہے۔عربی عبارت خوبصورت خط میں اور اعراب کے ساتھ ہے جبکہ بین السطور فارسی ترجمہ باریک نستعلیق میں لکھا ہے۔

نمبر : 2237

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 18x12.5 سطور ... :۔ ۱۰

اوراق ..... :۔ ۲۳ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ ادب (نعت ومنقبت)

آغاز..... :۔ اَمِ الْعَهْدُ مِنْ وَصْلِ الْمُحِبِّيْنَ قَدَدْنَا
وَهُمْ سَكَنُوا الْبَطْحَا وَقَدْ كُنْتَ هيهُنا
فَصِرْتَ بِذِكْرا ذَاكَ ذَالْحُزْنِ وَالْعَنَا

اختتام ..... :۔ لَقَدْ جِئْتَ بِالْقُرْءَ انِ بِالْحَقِّ سُطِّرَا
وَاَرْشَدْتَنَا شَرْعًا وَانْهَجَا مُنَوَّرَا
فَلَوْلَاكَ لَمْ نَهْتَدْ وَنَرْشَدْ بلُ مِرَا
هَدَيْتَ لَنَا الْاِيْمَانَ يَاهَادِيَ الْوِرَا وَيَاعَسْكَرِيًّا فِيْ جِهَادٍ وَغَزْوَةٍ

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ ناقص الطرفین۔شروع میں ورق-انہیں ہے۔رسالہ کی ابتداء ورق-۲ سے ہوتی ہے۔ورق ۲۵ تک محفوظ ہے بعد کے اوراق نہیں ہیں۔

نوٹ ..... :۔ اشعار عربی ادب کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔حاشیہ میں مشکل لغات کے معنی ومفہوم بھی لکھے

ہیں۔ اشعار کو نقل کرنے کے بعد ان میں تصحیح بھی کی گئی ہے۔ پورے رسالہ میں تین مصرعے سیاہی میں اور ان کے بعد کے دو مصرعے سرخ روشنائی میں نہایت خوش خط لکھے ہوئے ہیں۔ جہاں مشکل الفاظ کے معنی فارسی میں لکھے ہیں وہاں منتخب کی علامت کے ساتھ غالباً منتخب اللغات کا حوالہ دیا ہے۔

درج ذیل شعر : لَقَدْ کُنْتَ صِدِّیْقًا وَفَارُوق اَعْظَمْ

فَفَرَّقْتَ فَضْلًا بَیْنَ نُوْرٍ وَظُلْمَةٍ

رقم کرنے کے بعد حاشیہ میں اس کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ ان میں ابی بکر صدیق اور عمر الفاروق رضی اللہ عنہما کی طرف اشارہ ہے۔

اسی طرح چند اور اشعار میں حضرت عثمان، حضرت علی رضی اللہ عنہما، فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا، امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما، امام زین العابدین، امام باقر، امام جعفر، امام موسیٰ کاظم، امام علی رضا، امام محمد الجواد، امام محمد ھادی اور امام حسن عسکری رضی اللہ عنہما کی طرف اشارہ ہونا بتلایا گیا ہے۔

نمبر : 2238-A

کتاب کا نام... :۔ **انبہ نامہ** (مجموعہ اشعار متفرقہ)

مصنف ..... :۔ میرزا سعید خان-مفتی یحییٰ

مہر و مالک.. :۔ محمد اکبر قطب الدین منجھن شاھی

سائز..... :۔ 19x12.5 سطور ... :۔ ۱۲ یا ۱۳

اوراق ..... :۔ ۱۰ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب (مثنوی)

آغاز..... :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ درصفت بی بی ماہ بانو و اشتیاق ایشان با انبہ شیرین رنگین خوش لقا۔

وصف بی بی ماہ بانو سر کنم اول از انبہ گلوئی تر کنم

اختتام ..... :۔ شکر احسانش کنم تا زندہ ام سایہ پروردی درخت انبہ ام

تا درخت انبہ پا بر جا بود　　میوہ اش آخر نصیب ما بود

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ اچھی حالت میں ہے۔ کہیں کہیں آب زدہ ہے۔ خط شکستہ آمیز ہے

نوٹ ..... :۔ اہم مجموعۂ اشعار متفرقہ ہے۔ سرورق ''انبہ نامہ اور ناقص تالیف میرزا سعید خان در صفت بی بی ماہ بانو واشتیاق او با انبہ، علم فارسی'' لکھا ہوا ہے۔ ورق ۲-الف کے بالائی گوشہ پر پہلی سطر کے حروف قدرے مٹے ہوئے ہیں اور دوسری-تیسری سطر میں یہ عبارت لکھی ہوئی ہے : تصنیف مرزا سعید خان در... ماہ بانو کہ با انبہ رغبت داشتند تصنیف کردہ۔

اسی ورق پر خوب صورت سیاہ خط میں مالک کا نام حسب ذیل لکھا ہوا ہے :

ملک مملوک مالک ممالک باطنی وظاہری

محمد اکبر قطب الدین منجھن شاھی عفی عنہ

اسی ورق کے زیرین گوشہ پر (قیمت) یکروپیہ، تاریخ سیوم پڑھا جاتا ہے۔ دیگر الفاظ ماند پڑ گئے ہیں۔

ورق ۲-الف سے ۵-الف تک کل ۱۷۲ ابیات، انبہ نامہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس میں آغاز میں ماہ بانو کی صفات کا تذکرہ ہے۔ وہ پاک دامن، دنیا سے بے نیاز، شرافت میں حضرت خدیجہؓ جیسی، صبر وقناعت میں بی بی رابعہؒ کے ہم پلّہ اور ان کی عصمت حضرت مریمؑ جیسی ہے۔ وہ دنیا کی تمام لذات سے تو بے نیاز ہیں لیکن ان کا دل انبہ کی محبت سے لگا ہوا ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ انبہ میری جان کے مانند ہے۔ ایک شعر میں انبہ کو شیرین اور خود کو فرہاد بتاتی ہیں۔ کہیں لیلی ومجنوں کی تو کہیں وامق وعذرا کی مثال دی ہے۔

انبہ کا موسم ختم ہو جانے پر بی بی ماہ بانو رنجیدہ ہو کر دعا کے لئے بادشاہ کے پاس جانا چاہتی ہیں۔ اس کیفیت کو شاعر نے اس طرح بیان کیا ہے۔

بس کہ دارم میل انبہ من ز جان　　می گذارم از برایش خانمان

می روم تا پیش شاہ داد گر　　بادشاہ عادل والا گہر

شاہ عالم گیر؟ غازی کز سخا　　بستہ جود وہش دست حاتم بر قفا

اسی مجموعہ میں شامل حضرت شاہ کی مدح میں کہے ہوئے قصیدے سے یہ گمان ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا مثنوی میں جن شاہ عالم کا نام لیا گیا ہے وہ حضرت محمد سراج الدین شاہ عالمؒ ہیں۔ ورق-۵ سے حضرت شاہ عالم کی مدح میں لکھا ہوا قصیدہ شروع ہوتا ہے۔

نمبر : 2238-B

کتاب کا نام... :۔ قصیدہ در بیان عرس حضرت شاہ عالمؒ اور در اہتمام گنبد روضۂ حضرت شاہ عالمؒ

مصنف ..... :۔ یحییٰ

مہر و مالک.. :۔ محمد اکبر قطب الدین منجھن شاھی

سائز..... :۔ 19x12.5 (12x6.5)

اوراق ..... :۔ ۵-ب سے ۶-ب=۲ سطور ... :۔ ۱۳

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب (قصیدہ)

آغاز..... :۔ قصیدہ در بیان موسم عرس بندگی حضرت سید السادات سید محمد شاہ عالم قدس اللہ سرھم العزیز۔

باز آمد موسم عرس ایام اولیا مخزن گنج محبت مظہر لطف خدا

قرۃ عین رسالت بتول صاحب شرع و طریقت در حقیقت مقتدا

اختتام ..... :۔

یارب از لطف و عنایاتی کہ با او کردۂ کن ہمہ حاجات زوّار و مریدانش روا

نیز یحیی را کہ ہستش از مریدان صغار دہ خلاص از ماسوی اللہ و بخود کن مبتلا

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ اچھی ہے۔ باریک خط ہے۔

نوٹ ..... :۔ گجرات کی فارسی تاریخ مرأت سکندری کے مطابق مولانا یحییٰ دسویں صدی ھجری کے احمد آباد کے فارسی شاعر تھے (ص ص ۔ ۳۷؛ ۳۸۲) ان کے تاریخی کتبوں کو مرأت سکندری کے علاوہ ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی کی انگریزی کتاب: "Muslim Monuments of Ahmedabad Through Their

"Inscriptions" میں بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

اس مجموعہ کا دوسرا قصیدہ جس کا عنوان قصیدہ در بیان تاریخ اہتمام گنبد روضہ حضرت شاہ عالم قدس سرہ العزیزؒ ہے وہ ڈاکٹر عبدالرحمٰن چغتائی کی مذکورۂ بالا انگریزی کتاب میں شائع ہو چکا ہے، جبکہ پہلا قصیدہ در بیان موسم عرس..... غیر مطبوعہ ہے اور موجودہ مجموعہ میں اس کی نایاب نقل شامل ہے۔

دوسرے قصیدے کا مطلع اور مقطع حسب ذیل ہے :۔

(۱) ھست چون جنت رسول آباد جای دلکشان
قل تعالوا انظر وفیھا علامات الجنان

(۱۲) گر کسی تاریخ اہتمام بنایش پرسدت
کن زھمچون جنت الفردوس ای یحیی بیان (A.H.938)

نمبر : 2238-C

کتاب کا نام... :۔ (۱) قطعہ در تاریخ بنای مسجد جامع حضرت سید غیاث الدین ثانی (۲) قطعہ در تاریخ حضرت بندگی سید السادات سید شاہ جی بن حضرت شاہ غیاث الدین بزرگ (۳) قطعہ فی صفت روضہ سلطان احمد شاہ و تاریخ عہدہ تولیت ملک شرف فرحت الملک (۴) قطعہ در تاریخ بناء مسجد جامع حضرت شیخ محمد غوث

مصنف ..... :۔ یحیٰ

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 19x12.5 سطور ... :۔ ۱۳

اوراق ..... :۔ ۶-ب سے ۷-ب=۲ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب (قطعات)

آغاز..... :۔ (۱) قطعہ در تاریخ بنای مسجد جامع بندگی حضرت سید غیاث الدین ثانی بن سید شاہ جی قدس سرہ تعالیٰ :

ای کہ داری آرزوی قبۃ الاسلام بین معبد اہل سعادت قبلۂ حاجت روا

مسجدی جمعہ جمیع فضل را کو جامعست　　شد علی التقوی بنایش خالصاً بہر خدا

(۲) قطعہ در تاریخ حضرت بندگی سید السادات سید شاہ جی بن حضرت شاہ غیاث الدین بزرگ قدس سرہ :

این فلک گر چہ نہد تاج مکلل بر سری　　آخر الامرش کند چون دزد حبس اندر زمین

(۳) قطعہ فی صفت روضہ سلطان احمد شاہ و تاریخ عہدہ تولیت ملک شرف فرحت الملک

روضۂ عالی احمد شاہ سلطان کز علو　　جفت گشتہ گنبد او با سر طاق سما

(۴) قطعہ در تاریخ بنیاد مسجد جامع حضرت شیخ محمد غوث :

حضرت غوث جہان شیخ محمد خطیر　　مظہر اسرار حق مظہر سر ہدا

اختتام ..... :- (۱) چون ز مسجد ہای دیگر بہترست یحیٰی ازان　　آمدہ خیر المساجد سال این دوم بنا

(۲) سال وصلش از ولی اللہ سید شاھجیست　　چون بر آمد بر دو لا یتش گواہ بالیقین

(۳) در زمان تاریخ سال عہدہ اش از عون حق　　گفت یحیی فرحت ملک آمد از وی سالہا

(۴) معبد ضو بخش شہ در دل عباد از انی　　سال بنایش شدہ معبد اھل ضیا

ترقیمہ ..... :- —

حالت ..... :- -

نوٹ ..... :- مذکورۂ بالا چاروں قطعات تاریخی اور ادبی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان میں سے صرف ایک قطعہ سلطان احمد شاہ کے روضہ سے متعلق ہے وہ محمد عبداللہ چغتائی کی معروف کتاب میں شائع ہو چکا ہے۔ البتہ دیگر تین قطعات فارسی شاعر مفتی یحیٰی کے نو دریافت شدہ کلام کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔ قطعہ در تاریخ بنای مسجد جامع بندگی حضرت سید غیاث الدین ثانی تاریخی اور ادبی اہمیت رکھتا ہے۔ محمد چغتائی نے خانپور کی مسجد عبدالوھاب کے ایک کتبہ کو نقل کیا ہے جس میں شاہ غیاث الدین کے روضہ کا تذکرہ ہے۔ موجودہ قطعہ سے شاہ غیاث الدین کے زمانہ کی تعیین اس طرح ہوتی ہے کہ اس مسجد کی بنا کا سال ۹۴۹ھ مرقوم ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ شاہ غیاث الدین دسویں صدی ھجری میں گذرے ہیں۔

دوسرا قطعہ سید شاھجی بن حضرت شاہ غیاث الدین بزرگ کی وفات کے موقع پر کہا گیا ہے جس کے ایک مصرعہ سے سال وفات ۹۳۵ھ بر آمد ہوتا ہے۔ آخری

قطعہ حضرت غوث گوالیاریؒ کی بنائی ہوئی مسجد واقع سارنگ پور چکلہ، احمد آباد سے مسجد کا سال تعمیر حاصل ہوتا ہے۔ معبد اھل ضیاء: ۹۶۴ھ

نمبر : 2238-D

کتاب کا نام... :۔ غزلیات

مصنف ..... :۔ یحییٰ

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 19x12.5 (12x6.5)

اوراق ..... :۔ ۷-ب سے ۹-ب=۳ سطور ... :۔ ۱۳

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ مستم ز چشم مست تو جانانہ از شراب

وز سوز فرقت تو درونم شدہ کباب

اختتام ..... :۔ چون قد و زلف و دہان و ابروؤ چشمش بدید

سورۂ سجدہ زیادش ہمچونون وصا درفت

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ اچھی ہے

نوٹ ..... :۔ اس مجموعہ میں یحییٰ کی کل نو غزلیں شامل ہیں جن کے ابیات کی کل تعداد ۴۷ ہے۔ یحییٰ کا یہ نایاب کلام ہے۔

نمبر : 2239-A

کتاب کا نام... :۔ مفرح القلوب ترجمۂ چپ ون

مصنف ..... :۔ -

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 24.5x14 سطور ... :۔ ۱۵

اوراق ..... :۔ ۷۹ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وعلی آلہ واصحابہ واجمعین، بدانکہ این کتاب را از زبان ھندوی بزبان فارسی آوردیم ودر زبان ہندوی این را چسپ ون خوانند، دراین چہار حکایت آوردند.....

اختتام ..... :۔ کرگس سر برزمین آوردہ ایستادہ شد، بادشاہ پرسیدن گرفت، گفت ہم یار بدست آمد وہم کار، این دران ہمہ شد چون بس۔

ترقیمہ ..... :۔ برینہا چہار حکایت آخر رسانید کہ چنین آوردہ اند، رایزادگان ووزیر ومشایخان وخاصگان خوش شدند، تمت تمام شد ہذا الکتاب مفرح القلوب۔

حالت ..... :۔ مجلد۔ ناقص الاول۔ صرف ایک ورق کم معلوم ہوتا ہے۔ کرم خوردہ قدیم نسخہ ہے۔ خوبصورت خط ہے۔ عنوانات اور اہم الفاظ سرخ روشنائی میں ہیں یا ان پر خط کشیدہ کیا گیا ہے۔

نوٹ ..... :۔ مصنف کے بیان کے مطابق ہندوی زبان میں لکھی گئی چسپ ون نامی کتاب کا یہ ترجمہ ہے اور اس کا نام مفرح القلوب رکھا گیا ہے۔ اس میں وحوش وطیور کی حکایتیں شامل ہیں جن کے ذریعے پند ونصیحت کا کام لیا گیا ہے۔

نمبر : 2239-B

کتاب کا نام... :۔ **گلستان**

مصنف ..... :۔ شیخ سعدی

مہر ومالک.. :۔ شیخ غلام

سائز..... :۔ 24.5x5 سطور ... :۔ ۱۵

اوراق ..... :۔ ۸۰ سے ۱۹۸=۱۱۸ کاتب .... :۔ محمد اشرف ولد محمد حیات

تاریخِ کتابت.. :۔ اتوار، تاریخ ۸، ۱۲۲۶ھ/۱۸۱۱ء خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ منت مرخدایراعزوجل کہ طاعتش موجب قربت است وبشکر اندرش مزید نعمت، ہر نفسی کہ فرومی رود ممد حیات است وچون برمی آید مفرح ذات.....

اختتام ..... :۔ پوشیدہ نماند کہ دُرّ موعظہای شافی درسلک عبارت کشیدہ است وداروی تلخ نصیحت بشہد ظرافت برآمیختہ تاطبع مخاطب ملول نشود واز دولت قبول محروم نماند۔ قطعہ:

مانصیحت بجای خود کردیم روزگاری درین بسر بردیم

گر نیاید بگوش رغبت کس بر رسولان پیام باشد وبس تمت تمام شد

ترقیمہ ..... :۔

میانِ بندرِ سورت سرافراز گلستان نسخۂ سعدی شیراز

بروز غرۂ آخر جمادی . . . . ہزارو دو صد وہفدہ ز ہجری

رساند این خادم مجرم باتمام کہ غازی نیک نام اوست درعام

نوشتہ شد بکلک تیز رفتار برای میان بدر الدین نامدار

زبہر یاد گاری آن خردمند نویساند این کتاب حکمت وپند

بہ حج وکعبۂ دہر زیارتِ او بر آید خالقا ہر حاجت او

این کتاب گلستان نوشتہ محمد اشرف ولد محمد حیات روز یکشنبہ تمام یافت ۱۲۲۶ھ ہجری

حالت ..... :۔ دوسری کتاب کے ساتھ مجلد مکمل نسخہ ہے۔ کہیں کہیں کرم خوردہ۔ خوبصورت خط میں لکھی ہوئی ہے۔

نوٹ ..... :۔ ترقیمہ کی عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ سورت شہر میں یکم جمادی الآخر ۱۲۱۷ھ میں غازی نامی شخص نے گلستان کی کتابت کی تھی۔ اسی نسخے کی نقل محمد اشرف نے ۱۲۲۶ھ میں کی ہے۔ ورق ایک پر مہر مٹادی گئی ہے۔ ورق ۱۵۸ پر مہر پڑھی نہیں جاتی۔

نمبر : 2240

کتاب کا نام... :۔ **شرح گلستان**

مصنف ..... :۔ محمد نوراللہ احراری

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 23x13 (17x8)

اوراق ..... :۔ ۲۴ سطور ... :۔ ۱۵

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ منت مرخدای راعز وجل کہ زبان گویا راشکار دل دانا ساخت خلق الانسان علمہ البیان وخامۂ مقطوع اللسان رابشرف نیابت زبان بنواخت

اختتام ..... :۔ قولہ : مملکت ضحاک۔ضحاک پادشاھی کہ آتین راکشتہ ملک رابتصرف خود آوردہ بود، بعدازان فریدون پسر آتین بتقویت کاوۂ آہنگر ضحاک راکشت۔

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الآخر ۔ خوبصورت خط ۔ تین رنگوں میں جدول

نوٹ ..... :۔ بڑی کتاب کا حصہ ہے۔ابتدائی ورق کا بالائی حصہ رنگین اور بہترین ہے۔ورق ۳ پر فارسی لفظ منت کا ہندی متابدل لفظ نہو رادیا ہے۔مصنف نے ایک ایک لفظ کی تشریح قرآن وحدیث وتاریخ کے حوالے سے مفصل طور پر لکھی ہے۔کتاب خانہ میں دو اور نسخے ہیں۔نمبر 1591، 2033۔

نمبر : 2241

کتاب کا نام... :۔ چہل حکایات

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 23x13 سطور ... :۔ ۱۵

اوراق ..... :۔ ۵ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ حکایات

آغاز..... :۔ ..... بود زیر لوح تفحص نمود اثری ازان نیافت۔گفت باز ..... اگر بطریق

ایجاد معدوم بقدرت الٰہی.....

اختتام ..... :۔ وقضارا غلام بچہ من باسبب مذکور آزاری رسانید وسنگی زد چون از متوضی.....

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الطرفین

نوٹ ..... :۔ حکایت دوم کے چند جملوں کے بعد حکایت سوم سے لے کر حکایت دہم تک مکمل حکایات اور آخر میں حکایت یازدھم کے متعدد جملوں کی نقل ہے۔ پانچ اوراق پر مبنی یہ نسخہ بہت خوبصورت خط میں سنہری جدول کے درمیان لکھا گیا ہے۔

نمبر : 2242

کتاب کا نام... :۔ شرح مثنوی معنوی

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 24.5x14.5 (17x8)

اوراق ..... :۔ ۴ سطور ... :۔ ۱۷

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ .....واقع شدہ بدرستی کہ بدترین جنبدگان برروی زمین نزدیک خدا باشد کہ راسخ شدند در کفر، مراد معاندان قریش اند چون ابوجہل وعتبہ ونظیر وامثال ایشان۔

اختتام ..... :۔ مثنوی : گفت ہیں درکش کہ اسپت گرم شد

.....زد شرم شد

اقتباس است ازین آیۂ کریمہ کہ در سپارۂ ومن یقنت در سورہ احزاب واقع شدہ:

اِن ذالکم کان یؤذن النبی فیستحی منکم واللہ لایستحیی من الحق۔ بدرستی.....طعام.....بکلام ہست کہ می رنجاند پیغمبر راپس شرم..... کہ گوید بیرون روید خدا شرم.....

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ کرم خوردہ ۔ ناقص الطرفین

نوٹ ..... :۔ مثنوی معنوی کی فارسی شرح کے صرف درمیانی چار اوراق ہیں۔ اس کا انداز بیان عبداللطیف عباسی کی لطائف المثنوی جیسا ہے۔ شارح نے پہلے داستان کا عنوان، مثلاً بعیادت رفتن کر بہمسایہ رنجور خویش دیا ہے، اس کے بعد مثنوی معنوی کا ایک بیت جو تشریح طلب ہے وہ لکھ کر، فارسی میں اس کی مختصر شرح لکھی ہے۔

نمبر : 2243

کتاب کا نام... :۔ مجموعہ مثنوی

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 4.5 x 8.5 سطور ... :۔ ۱۶

اوراق ..... :۔ ۱۰۱ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی (منظوم) موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ سواد مثنوی میخانہ سر مشق سیاہ مستر بلبل و پروانہ

شاھاز خاک آفرید تاک را دہد در جام مے افلاک را

اختتام ..... :۔ شمار بیت بیتش کلک خوش فن رقم زد دلدار دیماہ و بہمن

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ کرم خوردہ ۔ شکستہ خط

نوٹ ..... :۔ شاعر نے مختلف موسموں کو موضوع بنا کر چھوٹی چھوٹی مثنویاں لکھی ہیں۔ ان میں غزلیں بھی شامل ہیں۔ ورق ۳۸-ب پر میر ضیاء الدین محمد اور ملا محمد فخر الدین ملک التجار کے محاسن بھی قلمبند ہوئے ہیں۔

نمبر : 2244-A

کتاب کا نام... :۔ منظومۃ الفرایض

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 23x15 سطور ... :۔ ۱۷

اوراق ..... :۔ ۱ سے ۶۰=۶۰ کاتب .... :۔ عبدالکریم ولد محمد صادق

تاریخ تالیف.. :۔ ۱۰۷۰ھ/۱۶۶۹ء خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ علم الفرایض

آغاز..... :۔ بسم الله الرحمن الرحیم

ابتدا می کنم بنام خدا — کہ زنامش زبان مباد جدا

نامہ از نام او بر آرد نام — بلکہ بی نام او نگردد تام

سر ھر نامہ نام او شاید — آخرش نیز نام او باید

اختتام ..... :۔ دامن پاک این عروس بود — تا ابد ایمن از غبار حسد

شد چو فارغ برید کلک از سیر — گفت قدتم یسرنا بالخیر

ترقیمہ ..... :۔ تمت تمام شد کار من نظام شد

کاتب فقیر حقیر عبدالکریم

حالت ..... :۔ مکمل نسخہ۔ کرم خوردہ۔ اوراق الگ ہو چکے ہیں۔ اول، آخر صفحات کی مہریں مٹادی گئی ہیں مجموعہ میں سے منظومۃ الفرایض کے کل ۶۰ اوراق الگ کر کے جلد بندی کروانے کی ضرورت ہے۔

نوٹ ..... :۔ اس منظوم نسخہ کا موضوع علم فرائض ہے۔ مصنف نے اسے تین ابواب میں تقسیم کر کے لکھا ہے۔ مقدمہ، اصول حساب اور فرایض۔ مثنوی کی صنف میں لکھے گئے اس منظومہ میں اول حمد، نعت، فضایل علم کے بعد بیان ترتیب اقسام وابواب ہیں۔ اس کے بعد حساب کی فصل میں عمل جمع، تصنیف، ضرب کو مثالوں کے ساتھ سمجھایا ہے اور مزید وضاحت کے لئے سرخ روشنائی سے اعداد وشمار کی صورتیں بھی بنائی ہیں۔

ورق 59-B اور 60-A کے درج ذیل دو ابیات سے کتاب کا نام اور تالیف کا سال حاصل ہوتا ہے۔

(۱) چون شد این نسخۂ خجستہ تمام — یافت منظومۃ الفرایض نام

(۲) ہست تاریخ اختتام کتاب نسخہ دلکشا ز روی حساب

۱۰۷۰ھ

ورق 60-B پر علم فرائض سے متعلق کسی دوسری کتاب کے اشعار بھی خوبصورت خط میں منقول ہیں۔

نمبر : 2244-B

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 24x14 سطور ... :۔ ۱۲

اوراق ..... :۔ ۶۱ سے ۷۱ تک = ۱۱ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ علم فرایض

آغاز..... :۔ ..... پدر چہ باشد، پس مرمادر را ثلث جمیع مال است مگر نزد یک امام.... یوسف رحمۃ اللہ ثلث ماقی دادہ خواہد شد

اختتام ..... :۔ تعزیر اشراف سخن درشت قاضی است بر روی ایشان وتعزیر مردم اوسط تا کشیدن بخانہ قاضی است وسخنان زجر وتوبیخ گفتن قاضی مر ایشان را نیست وتعزیر بازاریان وغیرہا، مرقومۃ الصدر است کمافی کتب الفقیۃ واللہ اعلم بالصواب

ترقیمہ ..... :۔ تمت تمام شد۔ بدر روشن، بدر چاچ، بدر منیر، بدر لقا، بدر صفا، برادر عزیزی القدر مشفق مہربان کرم فرمای مخلصان حضرت سید مراد صاحب سلمہٗ

حالت ..... :۔ معمولی خط ہے۔ چند اوراق غائب ہیں۔

نوٹ ..... :۔ -

نمبر : 2244-C

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 22.5x15 سطور ... :۔ ۱۳

اوراق ..... :۔ ۷۲ سے ۱۲۱=۵۰ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ ..... موئ میت واستخوان وی پلید۔ فصل دراحکام چاہ آب۔ چاہ پلید شود بافتادن نجاست در وی مگر بافتادن پشک شتر وگوسفند۔ پس اگر سہ پشک افتد پلید شود، پس افگندۂ کبوتر وگنجشک آب چاہ را پلید نکند وبقول شافعیؒ پس افگندۂ ہمہ پرندگان آب چاہ پلید کند۔

اختتام ..... :۔ ..... اگر غیر محرم صید حرم را ذبح کرد قیمت آن صدقہ کند، روزہ ندارد وبقول امام زفر (کذا) روزہ نیز روا باشد.....

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الطرفین ۔ کرم خوردہ ۔ معمولی خط

نوٹ ..... :۔ اس میں نماز، روزہ اور حج کے مسائل مندرج ہیں۔

نمبر : 2244-D

کتاب کا نام... :۔ **مجموعۂ قصائد**

مصنف ..... :۔ متفرق شعراء

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 25x14.5 سطور ... :۔ ۱۶

اوراق ..... :۔ ۱۲۲ سے ۲۰۸=۸۷ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ لوح درختش صمد دارد چہ غم کاستاد چین یافت تمثال صنم برشقہ دیبای من

بال طاوس از گلاب وعود رضوان پرورد　　تاب زد مروحہ در موسم گرمای من

اختتام ..... :۔ ای لاتقنطوا من رحمۃ اللہ شد کرد

برزبان جبرئیل از شرم عصیانہای من

معنی پنہان من آرایش بیت اللہ است

گوشبیہ دیر باشد صورت پیدای من

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الطرفین ۔ معمولی خط

نوٹ ..... :۔ اس بیاض میں حسب ذیل (فن قصیدہ کے استاد شعراء) کے قصیدے شامل ہیں :
عثمان مختاری ۔ مجیر بیلقانی ۔ جوھری زرگر ۔ اثیرالدین ادمانی ۔ عبدالرزاق اصفہانی ۔ رفیع الدین لبنانی ۔ رکن الدین صابر ۔ شہاب الدین خالہ ۔ نصیر العیاض ۔ حکیم شھری ۔ نجیب الدین ۔ رضی الدین نیشاپوری ۔ عماد شھر یاری ۔ فرید احول ۔ سراج الدین قمری ۔ حکیم رکنا مسیح ۔ ملا وحشی ۔ ملا فیضی ۔ انوری ۔ ظہیر فاریابی ۔ عبدالواسع جبلی ۔ فلکی شروانی ۔ عرفی ۔

نمبر : 2245

کتاب کا نام... :۔ قصۂ حجمہ فارسی

مصنف ..... :۔ —

مہر و مالک.. :۔ عمر خان بن حسن خان بلوچ لاشاری ساکن قاسم پورہ

سائز..... :۔ 5x7.5　　سطور ... :۔ ۱۱

اوراق ..... :۔ ۴　　کاتب .... :۔ —

تاریخ کتابت.. :۔ —　　خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی　　موضوع :۔ داستان

آغاز..... :۔ نا گہان روزی ز تقدیر خدای　　کار ساز و صانع ارض وسما

می گذشتہ عیسیٰ کنار دجلۂ　　دید در صحرا فتادہ کلّۂ

اختتام ..... :۔ حجمہ آورد او را در سخن　　زین حکایت کرد اسرار کہن

نسبت او با حسین کر [ب و] بلاست دوست در اہل بیت مصطفے (کذا)

ترقیمہ ..... :۔ این حق و ملک عمر خان بن حسن خان بلوچ لاشاری ساکن قاسم پرہ۔ کسی کہ دعوہ کند در شرع باطن گردد۔ تم

حالت ..... :۔ غیر مجلد اوراق۔ اچھی حالت میں ہیں۔

نوٹ ..... :۔ جمجمہ نامی بادشاہ کی کھوپڑی حضرت عیسیٰؑ کو، مرنے کے بعد جو واقعات پیش آئے وہ بتلاتی ہے۔ پہلے ورق پر کسی اور مثنوی کے آخری دو شعر، ان کی کتابت کی تاریخ اور غزل خسرو کے تین شعر نقل کئے ہیں۔ قصۂ بادشاہ جمجمہ کے عنوان سے ایک اور قلمی نسخہ اس کتاب خانہ میں ہے جس کا نمبر E-2047 ہے۔

نمبر : 2246

کتاب کا نام... :۔ سیف الملوک و بدیع الجمال

مصنف ..... :۔ -

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 4.5x7 سطور ... :۔ ۱۷ / ۱۸

اوراق ..... :۔ ۶ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ داستان

آغاز..... :۔ ..... دست داد گفت ای برادر عجب ذوقی بمن روی نمودہ امید وارم کہ مژدۂ دلدار رسد حساب کن از ماہ چند روز باقی ماندہ است

اختتام ..... :۔ بدیع الجمال از روی شفقت و عنایت تعظیم نمودہ بالای تخت نشانید و از ملکہ پرسید کہ نام این جوان چیست گفت سیف الملوک از برای تو محنت و جفای تمام کشید چنانچہ پیش ازین

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ صاف خط۔ ہر ورق پر سنہری بیل بوٹے بنے ہوئے ہیں۔

نوٹ ..... :۔ سیف الملوک و بدیع الجمال نامی مشہور داستان کے اوراق ہیں۔ یہ قصہ دراصل

الف لیلہ سے ماخوذ ہے جو ۷۵۷ ویں رات سے شروع ہو کر ۷۷۸ ویں رات پر ختم ہوتا ہے۔ سترھویں صدی عیسوی میں قدیم اردو میں غواصی نے اس قصہ کو سیف الملوک بدیع الجمال اور ملا وجہی نے قطب مشتری کے نام سے نظم کا جامہ پہنایا تھا۔

نمبر : 2247

کتاب کا نام... :۔ دیومالا

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 4.5 x 6.75 سطور ... :۔ ۹

اوراق ..... :۔ ۵ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ دیومالا

آغاز..... :۔ خبر میدھد خلق الانسان من صلصال کالفخار و خلق الجان من مارج من نار۔ خدائتعالی از پہلوی مارج مارجہ آفرید و ھر دو میان خود خفتے و فراہم آمدی از ایشان پسری شد، نام او جن نہادند

اختتام ..... :۔ از کتاب حجۃ الاسلام نقل گرفتہ شدہ است کسی کہ خواند و بشنود در دین و اسلام خود قائم شود و طریقہ کفار طریقہ ابلیس پیدا کردہ است، نعوذ باللہ منہا

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الاول۔ غیر مجلد۔ جلی حروف

نوٹ ..... :۔ شروع میں دیو مالائی انداز میں تخلیق عالم کو بیان کیا ہے۔ بعد میں الگ الگ ادوار میں ایسور مہادیو، وشنو، کشن، برھم، پرمیشور، وغیرہ کی پیدائش کا ذکر ہے۔ آخر میں حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کی روایت کے مطابق حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تک کے نبیوں کے درمیان فاصلوں کو درج کیا ہے۔ آخری ورق پر دوسرے خط میں عربی میں دعا اور اس کی فضیلت نقل کی ہے۔

نمبر : 2248

کتاب کا نام... :۔ رسالہ صلاح یا خیال فلاح

مصنف ..... :۔ محمد فلاح صالح حسینی

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 4.5 x 8 سطور ... :۔ ۱۷

اوراق ..... :۔ ۴۵ کاتب .... :۔ خود مصنف

تاریخِ تصنیف و کتابت :۔ ۱۰۸۳ھ/۱۶۷۲ء خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ عشقیہ داستان

آغاز..... :۔ پروردگاری کہ اصناف مکونات را از فرط کرم بر مایدہ الوانِ نعم پرورده و می پرورد..... در آیم بعدِ حمدِ ایزدِ پاک بہ نعتِ سیدِ اسری ولولاک۔

اختتام ..... :۔

فلاح الحمد اللہ کین حکایت عجائب قصۂ رنگین روایت
پذیرفت آخر از آغاز وانجام بفکر چند روزہ یافت انجام
نیم من شاعر طراز..... بود صد جا خطا در شعر واشعار
امید آنست از لطف بزرگان سخن سنجان دانا سخن دان
کہ الفاظ خط ومن نگیرند بچشم عین اغماضش بہ بینند

ترقیمہ ..... :۔ تمت تمام شد این کتاب خیال فلاح

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الاول

نوٹ ..... :۔ مصنف نے اپنی تصنیف کو افسانہ کہا ہے (ورق ا-الف) اور اس کی اصل بہا کہا (ھندی) میں بتانے کے بعد کہا ہے کہ اس کی لطافت کی بنا پر اس عروس ھند کو پیرایۂ فرس پہنانے کی فرمائش کی گئی تھی۔ یہ افسانۂ ملکِ چین (ایشیای کوچک؟) کے بادشاہ سلطان نصرۃ الدین کی وفات اور شہزادے معظم شاہ کی تخت نشینی سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے کرداروں میں چتر ریکہا نامی کردار اہمیت رکھتا ہے اور قابل توجہ ہے۔ ورق۔ب پر شاعر نے تاریخ تصنیف اس بیت میں کہی ہے:

نمبر : 2249

کتاب کا نام... :۔ قصہ بنومیاں

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 4 x 6 سطور ... :۔ ٦

اوراق ..... :۔ ٩ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ اردوی قدیم موضوع :۔ قصہ(ادب)

آغاز..... :۔ کہ مُتیِ وا لاکہ سن سَنین ذِمی لی

عبد اللطیف کو بلایا.....صپدی

اختتام ..... :۔ خِصّا بَن نُو مِیان لی بنایا

خُدا نِ اُس گاھِر دَابی کُل یا

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ ناقص الاول

نوٹ ..... :۔ معمولی خط میں لکھا ہوا فرضی قصہ ہے جس میں مکان کی تعمیری کام کی باتیں بیان کی ہیں۔اس کا اِملا غیر معمولی اور غلط سلط ہے۔قابل توجہ ہے۔

نمبر : 2250

کتاب کا نام... :۔ کلام بلاق

مصنف ..... :۔ سیّد بلاقی

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 16x12 سطور ... :۔ ١٠

اوراق ..... :۔ ١ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ کیا ہے ابتو لالا نے لباس.....

گلے میں ڈال کر سیلے لیا ہر ہات پیمانہ

اختتام ..... :۔ میں فقیر فقیر چشتی ہوں

ہو کرم حق کا تو بہشتی ہوں

ترقیمہ ..... :۔ بجہتہ محبت پناہ میان عبداللہ بھائی سلمہ

حالت ..... :۔ صرف ایک ورق۔ بالائی حصہ پھٹا ہوا ہے۔ کل گیارہ منفرد اشعار ہیں۔

نوٹ ..... :۔ ایک شعر میں تخلص بلاق آیا ہے۔

بلاق نہیں ہے تیرے لب پہ اب... پیکر

کہ ہے یہ محرخو نیکا ساقی کوثر

بلاق نام کا شاعر حضرت پیر محمد شاہؒ کا مرید تھا۔ اُس کا کلام دو اور نسخوں میں بھی ملتا ہے۔ ۱۹۱۳ ۔ ۱۹۲۲ ۔ مکمل معراج نامہ نمبر ۱۹۳۹ پر دیکھا جا سکتا ہے۔

نمبر : 2251

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ صدیق

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 5 x 9 سطور ... :۔ گیارہ (۱۱)

اوراق ..... :۔ ۳۰ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ ۱۲ ویں صدی ہجری/ ۱۸ ویں صدی عیسوی

زبان ..... :۔ اردوی قدیم موضوع :۔ داستان

آغاز..... :۔ مجھ کرم کی نظر کون رکھنان حشر مین کردکار

بندکی میں کچہ کیتی نہین کیتا ھوں حیلا بی کمان

یارب تون اپنی فضل سیں دینا حشر مین تون امان

اختتام ..... :۔ شش ماہ وان شاھی کیتی دیکہا بہوت جو مال وزر
تب یاد آیا میری تیئں اپنان وطن اور شھر گھر

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الاول والآخر۔ غیر مجلد

نوٹ ..... :۔ داستان کا عنوان یا شاعر کا نام درج نہیں ہے لیکن کئی جگہ شاعر نے خود کو صدیق کے نام سے مخاطب کیا ہے مثلاً (۱) اتنی تیرے صدیق کی مقبول کرنا عرض رب xx تیری محبت دے اسے دنیا منین ھر روز وشب (۲) صدیق تون دلجان سین ہے کمترین انکا غلام xx قیامت میں اونکی فضل سین پاویگا.... جنت مقام۔

شاعر نے ابتدا میں یہ بتایا ہے کہ سورت بندر میں نواب تیغ بیگ خان تھے جن کی سرکار میں صدیق نوکر ہوا تھا۔ تیغ بیگ خان عرف مرزا گل مغلوں کے آخری دور میں سورت کے متصدی غالباً ۱۱۴۴ھ/ ۱۷۳۱ء میں ہوئے تھے۔ انہیں انگریزوں کی حمایت حاصل تھی۔ دہلی کی مرکزی حکومت میں انتشار کے نتیجے میں تیغ بیگ خان نے نواب کا لقب اختیار کرلیا تھا۔ ان کی وفات ۱۱۵۹ھ/ ۱۷۴۶ء میں بتائی گئی ہے۔ اس حقیقت سے پتہ چلتا ہے کہ صدیق کا زمانہ بارھویں صدی ھجری/ اٹھارویں صدی عیسوی ہے۔

شاعر نے داستان کی تمہید میں رسول اللہؐ کے ساتھ خلفای راشدین کی تعریف کی ہے۔ قصہ اس بیت سے شروع ہوتا ہے:

سورت بندر کے بیچ میں نواب تھا تیغ بیگ خان
اکون وو قلعہ دار تھا پیچھوں ہوا حاکم وھان

اس کے بعد سورت کی چند اور ہم عصر شخصیتوں کا بھی ذکر ملتا ہے۔ مثلاً میرزا محمد، حامد اور ملک ہمت۔ یہ شاعر تھے اور ہم مجلس۔ ان کے سامنے ایک قصہ فارسی زبان میں پڑھا گیا تو صدیق نے اُسی کو ریختی میں ڈھالا۔

قصہ اس طرح ہے کہ عادل اور دولت مند بادشاہ کے ملک میں عبدالعزیز نامی ایک عجیب شخص رہتا تھا جو اپنے کتوں کی پوجا کرتا اور انہی کے ساتھ کھانا بھی کھاتا تھا۔ اسی کے ساتھ موتیوں کی سو دانوں کی تسبیح بھی پڑھتا۔

بادشاہ نے اسے بلا کر تحقیق کی تو پتہ چلا کہ وہ کتے دراصل عبدالعزیز کے حقیقی بھائی ہیں۔ اس کے بعد دلچسپ قصہ سنایا گیا ہے۔

نمبر : 2252

کتاب کا نام... :۔ قصۂ ایوب علیہ السلام

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 5.75 x 9 سطور ... :۔ ۹

اوراق ..... :۔ ۱۰ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ بہار

زبان ..... :۔ اردوی قدیم موضوع :۔ قرآنی قصہ

آغاز..... :۔ آنی ایّوب علیہ السلام کُون بھی خدا تعالیٰ نی کیرون کی بلا مین مبتلا کیئی

اختتام ..... :۔ پچھیں یُون کرتین زحمت زیادت ھُوئی کہ بیٹھنی کی بھی قدرت نرھی اپنی۔۔۔۔

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ غیر مجلد

نوٹ ..... :۔ مکمل کتاب کے درمیانی اوراق ہیں۔ حضرت ایوبؑ کے صبر کے واقعات بیان ہوئے ہیں۔ اس میں ایسی باتیں بھی درج ہیں کہ جن کا قرآن و حدیث سے تعلق نہیں ہے۔ یہ خط بہار میں ہے جو گجرات میں کسی زمانہ میں رائج رہا تھا۔

نمبر : 2253

کتاب کا نام... :۔ مجموعۂ گوجری کلام (بیاض)

مصنف ..... :۔ سمجھو ۔ پربین ۔ غلامی ۔ شرفو ۔ اسمٰعیل

مہر و مالک.. :۔ (۱) میاں محمد ولد فقیر محمد (۲) عبدالرحمٰن نجم الحق

سائز..... :۔ 2.75 x 5.5 سطور ... :۔ ۹ / ۱۰ / ۱۱

اوراق ..... :۔ ۶۵ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ حمد۔نعت

آغاز..... :۔ تم بھارِلال زَارِباغِ دین ھویارسول

مثل گل تم خندہ روخندہ جبین ھویارسول

اختتام ..... :۔ امیدھی اشرف رحمت سین محمد کی شفاعت سین

ھوی گی سبکو دھشت مین نداقھاریااللہ

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ خط بدلتارہتاہے۔

نوٹ ..... :۔ نعتِ رسول اللہؐ۔ ماہ رمضان۔مولود وغیرہ موضوع ہیں۔

ورق-۱ سے ۴ تک سمجھو کا؛ ورق-۵ سے ۶-الف تک پربین کا؛ ۶-ب سے ۲۰-ب تک غلامی کا کلام شامل ہے۔درمیان میں کسی نامعلوم شاعر کے اشعار ہیں۔ ورق-۲۳-ب سے شرفو نامی شاعر کا کلام ملتاہے۔ورق ۳۹-ب سے شرفو کا مخمس شروع ہوتاہے۔ورق ۴۵-الف پر مالک کی تحریر ہے:این بیاض میاں محمد اسحاق ولد فقیر محمد اگر کسی دعویٰ کند آن دعویٰ باطل ونامسموع گردد۔دوسرے مالک کا نام عبد الرحمٰن نجم الحق بھی تحریر کیاہواہے۔

ورق ۴۸-ب پر مدنی مولود نقل کی ہوئی ہے۔اس میں مولود شریف کس طرح منائی جاتی تھی اس کی چند باتیں مختصراً لکھی ہیں۔آخری اوراق میں مناجات ہے۔

اس بیاض میں مختلف موضوعات پر کہے گئے اشعار میں رسول اللہؐ کے ساتھ والہانہ عشق کے اظہار کے ساتھ ساتھ اپنے گناہوں کا اقرار، مغفرت کی طلب اور آخرت کے واقعات کا تذکرہ ہے۔سب کا مقصد پندونصیحت ہے۔

غلام محمد سمجھو کے لئے دیکھئے سخنوران گجرات ص:۱۶۴اور تذکرۂ مخزن الشعراء۔ص ۵۱ تا ۷۰۔ شرفو کے لئے دیکھئے سخنوران گجرات ص:۱۳۳اور مخزن الشعراء ص:۷۴۔

نوٹ : غلام محمدؒ سمجھو کا دیوان فاضل محقق ڈاکٹر نورالسعید اختر نے مرتب کیاہے جسے گجرات اردو ساہتیہ اکادمی نے شائع کردیاہے۔

نمبر : 2254

کتاب کا نام... :۔ امین شرفو

مصنف ..... :۔ شرفو

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 20.5x12.5 سطور ... :۔ ۱۲

اوراق ..... :۔ ۵ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ اردو موضوع :۔ ادب

آغاز..... :۔ اُمین شرفو کی :

شادی یہ رب دکھائی ساعت یہ نیک آئی

قربان بہن بھائی ای شادی والی لڑکی

رب تیرا نگہبان ری

اختتام ..... :۔ ہر علم میں رسادی لالا کا دم بھرادی

اثبات بھی سدادی یارب یہ مدعا دی

احقر کا ھی یہی سور ای دوست بولو امین

ترقیمہ ..... :۔ تمت تمام شد

حالت ..... :۔ مکمل۔ بوسیدہ نسخہ ہے۔ خط اچھا نہیں۔ املا بھی پرانا ہے۔ پہلا اور آخری ورق سادہ ہے۔

نوٹ ..... :۔ شادی کے موقع پر دلھن کے لئے مل کر پڑھا جانے والا کلام ہے جس کا طرز عامیانہ ہے۔ البتہ پُرانے وقت کی شاکلعری کی مثال ہے۔ شرفو کا اور بھی کلام دیگر نسخے میں محفوظ ہے۔

نمبر : 2255-A

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 19.5x11 سطور ... :۔ ہر ورق پر الگ تعداد ہے۔

اوراق ..... :۔ اسے۵=۵ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ مدح اہل بیت

آغاز..... :۔ .... عثمان سیں تھا دین کا سب.....

....اھلِ بیت کی حضرت علی سین کہ پکار

اِنّ فی الجنة انهار لبن

لِعَلِی ولِزَهرا وحُسین وحَسَن

اختتام ..... :۔ بولی حضرت یونکہ یا خیر.....

ھی خجل رخ سین.....

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ مجلد ۔ ساتھ میں رحمت کا کلام بھی ہے۔

نوٹ ..... :۔ جلد بندی میں تینوں طرف سے اوراق کٹ گئے ہیں۔اچھا کلام ہے۔ان فی الجنة انهار لبن لعلی ولزهر اوحُسین وحَسَن، ٹیپ کا بند ہے۔

نمبر : 2255-B

کتاب کا نام... :۔ **کلام رحمت**

مصنف ..... :۔ رحمت

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 19.5x11 سطور ... :۔ ۱۵

اوراق ..... :۔ ۶ سے۱۶=۱۱ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ اعراس نامہ اور دیگر موضوعات

آغاز..... :۔ یا ایھا الرسول مُکہ سین نقاب کھولو
شیرین کلام بولو یا حضرت محمد

اختتام ..... :۔ فاما رحمتِ حق کے رجا ھی
شفاعت ..... کرنی بجا ھی
نبی جی مجھ تمھارا آسرا ہے

ترقیمہ ..... :۔ تمام شد

حالت ..... :۔ مجلد۔ کہیں کہیں کرم خوردہ۔ اچھی حالت میں ہے۔ خوشخط ہے۔

نوٹ ..... :۔ مختلف موضوعات پر رحمتؔ کا کلام ہے۔ سب سے اہم اعراس نامہ ہے جس میں رسول اللہؐ، خلفای راشدینؓ، اہل بیتؓ اور چند دیگر بزرگوں کے وفات کے دن اور تاریخیں درج کی ہیں۔ ایک منظومہ اپنے پیرومرشد قطب اقطاب زمان مخدوم شیخ جلال کی تعریف میں بھی ہے۔ اکثر کلام مخمس کی صورت میں ہے۔

نمبر : 2256

کتاب کا نام... :۔ الرسالۃ الجامعہ والتذکرۃ النافعہ

مصنف ..... :۔ (حبیب) احمد بن زین الحبشی باعلوی

مہر ومالک.. :۔ مبارک عبداحمد مبارک

سائز..... :۔ 4.5x7 سطور ... :۔ ۷

اوراق ..... :۔ ۲۷ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم، الحمد للّٰہ رب العالمین، حمداً یوافی نعمہ ویکافئ مزیدہ وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد والہ صحبہ وسلم، قال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم ومسلمۃ

اختتام ..... :۔ والمعصیۃ بکل البدن لعقوق الوالدین، والفرار من الزحف وھما

من الكبائر وغير ماذكر من معاصى مثل قطيعة الرحم وظلم الناس

ترقیمہ ..... :۔ واللّٰہ الموفق والمعین، نسأله بفضله التوفیق، لما یحب ویرضی فی عافیة وقبول بمنه وکرمه وصلاته وسلامه علی سیدنا محمد واله وصحبه وسلم، والحمد للّٰہ رب العالمین، اٰمین، تم تمام

حالت ..... :۔ اچھی ہے۔خط معمولی البتہ واضح ہے۔

نوٹ ..... :۔ کتاب کے ورق-۱ پر حسب ذیل نام لکھے ہوئے ہیں: مبارک عبداحمد مبارک بن عبداحمد علی بن عبدرحمت عمر بن عبداحمد سالم عبدرحمت احمد عبداحمد بن ابوبکر۔

اس رسالے میں چھوٹے چھوٹے فقہی مسائل مثلاً وضو، نماز، روزہ، زکوۃ اور معاصی ذکر کئے گئے ہیں۔

نمبر : 2257

کتاب کا نام... :۔ مجہول الاسم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 26.5x16cm (15.5x7.5)

اوراق ..... :۔ ۲۵ سطور... :۔ ۷

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ وبین مرضعةٍ وولد مرضعتها وولد ولدها واللبن المخلوط بالطعام لایحرّم۔

اختتام ..... :۔ ومن باع امة بالفٍ مثقال ذهبٍ وفضةٍ فهما نصفان وان قضی زیق عن جیّد وهو لایعلم وتلف.....

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ ناقص الطرفین

نوٹ ..... :۔ فقہہ کی کسی ضخیم کتاب کے اوراق ہیں۔خوبصورت جلی خط میں کتابت اور عربی حواشی سے پُر ہے۔ورق ۲۲۰ (نیا نمبر ۱۱) پر حاشیہ میں فارسی زبان میں وضاحتی تحریر ہے۔

نمبر : 2258-A

کتاب کا نام... :۔ چالیس وچار مسائل

مصنف ..... :۔ رحمت اللہ

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 11 x 17 سطور ... :۔ ۸

اوراق ..... :۔ ۲۱ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ فقہ (منظوم)

آغاز..... :۔ اوّل اسم اللہ مین بولون شتاب
شروع مین کرون ایک ھندی کتاب

اختتام ..... :۔ کھی رحمت اللہ ای رب الرحیم
مجی دین پر رکہ سدا مستقیم

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ مجلد ۔ مجموعہ کا پہلا منظوم ہے۔

نوٹ ..... :۔ ایمان واعمال کے ضروری مسائل آسان اور سادہ زبان میں سمجھائے گئے ہیں۔ ضمیمہ نمبر:Z-46 پر چھل وچار مسائل کے عنوان سے گوجری اردو زبان میں قلمی نسخہ ہے۔ان دونوں میں چند الفاظ کا کہیں کہیں فرق ہے۔موجودہ نسخہ زیادہ بہتر حالت میں اور خوش خط ہے۔ورق ۲۲ اور ۲۳ پر عربی میں نادعلی مرقوم ہے۔

نمبر : 2258-B

کتاب کا نام... :۔ صلوۃ وسلام

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک :- -

سائز :- 11 x 17 سطور :- ۱۲

اوراق :- ۲۴ سے ۴۲=۱۹ کاتب :- -

تاریخِ کتابت :- - خط :- نسخ

زبان :- عربی موضوع :- مناجات

آغاز :- اللّٰہ ھم صلی علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد

اختتام :- واغفر اللھم لجمیع المؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات الاحیاء والاموات برحمتك یا ارحمن الرحمین

ترقیمہ :- -

حالت :- مجلد ۔ معمولی خط

نوٹ :-

نمبر : 2258-C

کتاب کا نام :- غزل میاں نزھت وترکیب خواندن بسم اللہ

مصنف :- میاں نزھت

مہر ومالک :- -

سائز :- 11 x 17 سطور :- ۸ یا ۹

اوراق :- ۴۳ سے ۵۶=۲۴ کاتب :- -

تاریخِ کتابت :- - خط :- نستعلیق

زبان :- فارسی۔اردو موضوع :- وظائف

آغاز :- شریعت کے چمن میں ہے گلِ بے خار بسم اللہ
شگوفہ غنچہ وبرگ وگل واثمار بسم اللہ

اختتام :- اللھم مغفر للھم ولوالدینا واستازینا ومشائخنا والکافت المسلمین اجمعین برحمتك یاآرحم الراحمین، درود شریف پر ختم کریں۔

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ معمولی خط ۔ مجلد

نوٹ ..... :۔ —

نمبر : 2258-D

کتاب کا نام... :۔ اسم مبارک سید محی الدین عبدالقادر جیلانی

مصنف ..... :۔ —

مہر و مالک.. :۔ —

سائز..... :۔ 11 x 17 سطور ... :۔ ۷ یا ۸

اوراق ..... :۔ ۵۷ سے ۵۹=۳ کاتب .... :۔ —

تاریخ کتابت.. :۔ — خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ عربی اور اردو موضوع :۔ دعا

آغاز..... :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ برائے قضا حاجت وفوائد دینی و دنیوی یازدہ اسم مبارکہ حضرت محبوب سبحانی سید محی الدین عبدالقادر جیلانی رضیہ اللہ عنہ

اختتام ..... :۔ ہر روز گر پڑھے مراتب عالی حاصل ہو و مشرف بہ دیدار ہو۔

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ مجلد

نوٹ ..... :۔ دنیوی اور دینی فائدے حاصل کرنے کے لئے حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کے گیارہ ناموں کے ساتھ دعائیں مانگنے کا طریقہ بتایا ہے۔ کتابت معمولی ہے۔

نمبر : 2258-E

کتاب کا نام... :۔ ترکیب سورۂ یٰسین خواندن

مصنف ..... :۔ حکیم عبدالعزیز

مہر و مالک.. :۔ —

سائز..... :۔ 17x11 سطور ... :۔ ۹

اوراق ..... :۔ ۶۰ سے ۶۸=۹ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی۔اردو موضوع :۔ وظائف

آغاز..... :۔ ترکیب سورۂ یٰسین خواندن از حکیم عبدالعزیز صاحب وآن جناب را اجازت از باوا میان احمد آبادی است

اختتام ..... :۔ بعد چشم بستہ اسم یا اللہ بخواند تا سہ شب گوشت نخورد بعد از نماز درود خواند بخواب رود جواب باصواب از حضرت غوث اعظم (اقدس) می یابد، مجربست

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ مجلد ۔ معمولی خط

نوٹ ..... :۔ ترکیب سورۂ یٰسین پڑھنے کے نیز استخارہ کرنے کے مختلف طریقے اور دعائیں بھی درج کی ہیں۔ آخری ورق نمبر ۶۹ پر مختلف دعائیں مرقوم ہیں۔ اس مجموعہ میں کلام رحمت کے علاوہ تمام تحریرات معمولی خط میں اور بہت بعد کی معلوم ہوتی ہے۔

نمبر : 2259

کتاب کا نام... :۔ مجہول الاسم

مصنف ..... :۔ مجہول الاسم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 18x12 سطور ... :۔ ۱۳

اوراق ..... :۔ ۱۰ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ شصت سال ایشان در اعمال نامہ ایشان۔ چون میان یک دیگر ھر یکی از ایشان درشتی وسختی وبدخوئی کند شیطان درمیان ایشان شریک باشد وعلتہا وآفتہا ودشواریہا بی حد وبی شمار درمیان ایشان بیندازد.....

اختتام ..... :۔ وطاعت نکند زن خود را در اکثر امور کہ طاعت زنان ندامت است ومشورت نمی کند

واگر کند بمخالفت او کار کند کہ فرمود آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ھن ناقصات العقل.....

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ اچھی حالت ۔ ناقص الطرفین

نوٹ ..... :۔ ورق ا سے ۹ کسی بڑی کتاب کا درمیانی حصہ ہے جس میں تفصیل نکاح، مباشرت، بچوں کے حقوق اور بیوی کے ساتھ معاملات کو قرآن وحدیث کی روشنی میں سمجھایا ہے۔ ورق-۱۰ کسی اور کتاب کا ہے جو کہ ان اوراق کے ساتھ چسپاں کر دیا ہے۔ ورق ۱۰-ب پر عربی کتاب فرالعون من مدعی ایمان فرعون پر بحث ہے۔

نمبر : 2260

کتاب کا نام... :۔ حاشیہ بر شرح وقایہ

مصنف ..... :۔ شیخ الاسلام احمد بن یحییٰ بن محمد بن سعد الدین تفتازانی م ۹۱۶ھ/۱۵۱۰ء

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 21x12 سطور ... :۔ ۲۵

اوراق ..... :۔ ۱۶۸ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ .... الواصلة بقی الانسب بالسیاق تخصیص المتعلق بالعلم قوله واولی من نعمة انی ای.... من نعمتی التی یعرف بالحسن الظاهر والتی .... بغیره والمراد باظاهر.....

اختتام ..... :۔ ..... یمکن لهم الاستدلال ومثل ذلك کثیر فی کتبهم واما الشافعیة فجعلوا کلا من الاصحیه وترك اکل الثوم مستحبة فلا اشکال بل یقحی عنه ابوه اورحیه من ماله هذا هو مختار الهدایة وبه یشعر تقریر

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ کرم خوردہ ہونے کے باوجود اچھی حالت ہے۔ ورق۔ انہیں ہے اور ناقص الآخر بھی ہے۔

نوٹ ..... :۔ مختصر الوقایہ فقہ کی مشہور کتاب ہے جس کے مصنف عبید اللہ بن مسعود ابن تاج الشریعۃ محمود بن صدر الشریعۃ الاکبر۔ م ۷۴۷ھ/ ۱۳۴۶ء ہیں۔ اس کا قلمی نسخہ اس کتاب خانہ میں نمبر ۱۰۵۳ پر محفوظ ہے۔ اسی مصنف کی اپنی کتاب کی لکھی ہوئی شرح بھی نمبر ۴۲۶ پر محفوظ ہے۔ اور حضرت شاہ وجیہ الدین علویؒ کا حاشیہ وقایہ نمبر ۴۲۸ پر محفوظ ہے احمد آباد کے مولانا نور الدین کا حاشیہ شرح الوقایہ بھی دستیاب ہوا ہے۔ جو احمد آباد کے شہر قاضی کے کتاب خانے میں مخزون ہے۔ ایک اور حاشیہ قلی احمد بنام حاشیہ قلی احمد علی شرح الوقایہ بھی درگاہ شریف کے کتاب خانہ میں نمبر ۴۲ پر موجود ہے۔

وقایہ کے مصنف، شارح اور حواشی نگاروں کی مفصل معلومات کے لئے دیکھئے: ظفر المحصلین باحوال المصنفین تالیف حضرت مولانا محمد حنیف گنگوھی۔ ص ص ۲۷۰ سے ۲۷۴

نمبر : 2261-A

کتاب کا نام... :۔ حدیقۂ ھندی (احکام نماز)

مصنف ..... :۔ غلام حسن

سالِ تصنیف :۔ ۱۲۰۸ھ/۱۷۹۳ء

سائز..... :۔ 25 x 16.5 سطور ... :۔ ۱۲

اوراق ..... :۔ ۶۵ کاتب .... :۔ امین علی خان

تاریخِ کتابت.. :۔ ۸ ذی الحجہ ۱۲۳۰ھ/ ۱۱ نومبر ۱۸۱۵ء

خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ اردو موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ اور مسجد بلند بنوانا ہیگا مگر.....

یونہین دنیا کی گفتگو کرنا وہاں لایق نہین ھے آ... برنا

اور وہان شعر پڑھنا بھی تجکو نہین..... مگر جو مرتبہ ہو

اختتام ..... :۔ کر کے پھر ایک شفیق نے معلوم طرز نظم حدیقہ منظوم

اس کی تاریخ ہو کے خوش ہے کہی خوش نما ہے حدیقۂ ھندی

ترقیمہ ..... :۔ این کتاب حدیقۂ ھندی حسب الفرمودہ حضرت نواب صاحب قبلہ نواب محمد سبحان خان بہادر مدظلہ از خط زشت خانہ زاد اہل بیت صلوٰۃ علیہ وسلم امین علی خان بتاریخ ہشتم شب نہم روز جمعہ بوقت چہار گھری شب گذشتہ بود ماہ ذی الحجہ ۱۲۳۰ھ تحریر یافت۔ تمام تمام۔

من نوشتم آنچہ دیدم در کتاب عاقبت والاہ (کذا) عالم بخواب

حالت ..... :۔ آغاز کے چند اوراق غائب ہیں۔ مجلد۔ خوبصورت خط اور رنگین جدول۔ ترقیمہ کی عبارت اور اشعار سرخ روشنائی میں۔ کچھ اوراق کرم خوردہ لیکن اچھی حالت میں ہے۔

نوٹ ..... :۔ اس کتاب میں اذان، نماز کا طریقہ، قرأت، احکام مسجد، مسائل قرآن، سنت ہای نماز، احکام نماز قضا، نماز سفر وغیرہ کو تفصیل سے سمجھایا ہے۔ مثنوی صنف میں اچھے شعر ہیں۔

داخلی شہادت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا مصنف مذہباً شیعہ تھا۔ مثلاً

ورق 61 : بارالہا طفیل پیغمبر شعیان علی پر رحم تو کر

ورق 62 : باعزاز سید ابرار وبحق ائمہ اطہار

ورق 63 : اور کر خاتمہ بخیر میرا بحق خون سید الشہداء

ورق 64 - ب پر شاعر نے سال تصنیف اس طرح کہا ہے :

بارہ سیے سن پہ اٹھواں تھا سن جب کہ اس نظم سے غلام حسن

ہوا فارغ بہ برکت حضرات بر محمد وآل او صلوات

خاتمہ میں چند تاریخیں بھی نظم کی گئی ہیں، مثلاً (۱) ہے یہ نظم فصیح

(۲) ہے عجب نظم حسن (۳) خوش نما ہے حدیقۂ ھندی

ترقیمہ کی عبارت کے مطابق شاعر غلام حسن نے یہ کتاب نواب محمد سبحان خان بہادر کے فرمان پر نظم کی تھی۔

نمبر : 2261-B

کتاب کا نام... :۔ حدیقۂ ھندی (احکام صوم)

مصنف ..... :۔ غلام حسن

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 24.5x16.5 (20.5x11)

سطور ..... :۔ ۱۳

اوراق ..... :۔ ۶۸ سے ۹۸ تک=۲۱ تاریخ تالیف :۔ ۱۲۱۶ھ/۱۲۰۱ء

تاریخِ کتابت.. :۔ ۱۲۳۲ھ/۱۸۱۶ء خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ اردو موضوع :۔ فقہہ

آغاز..... :۔

کہہ تو حمد و سپاس رب عباد — جس نے ہم سب کے تئیں کیا ایجاد
عقل و فہم و ذکا دیا ہمکو — قادر افعال پر کیا ہمکو
بعد تکلیف کے عبادت کی — اوسقدر جتنی ہمکو طاقت دی
حکم صوم وصلوۃ ہم کو کیا — امر حج وزکوۃ ہمکو کیا

اختتام ..... :۔

اسکو جب بعضے اشفقا نے سنا — سال تاریخ میں یہ نظم کیا
چون زمن خواستہ اہل ھنر — سال این نسخۂ ہمایون فرّ
گفتم از روی ہوشیاری زود — نامۂ طاعت .... ای ودود

ترقیمہ ..... :۔ تمت تمام ۱۲۳۲

حالت ..... :۔ حدیقۂ ھندی کے ساتھ مجلد ہے۔ دونوں کا کاتب ایک ہے۔ ورق 65-B، 66، 67 اور 68-A سادہ ہیں۔

نوٹ ..... :۔ شاعر غلام حسن نے حدیقۂ ھندی میں احکام صلوۃ لکھے اور وہ بہت مقبول ہوئے تو بعد میں روزہ کے احکام کے تحت تعریف صوم، اقسام صوم شرائط قضا، روزہ پدر، صوم نذر، صوم کفارہ، صوم مکروہ، صوم حرام کو لکھا ہے۔

نمبر : 2261-C

کتاب کا نام... :۔ رسالہ زینت القاری

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 24x16 سطور ... :۔ ۱۷

اوراق ..... :۔ ۹۹-ب سے ۱۰۴=۶ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ تجوید

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للّٰہ رب العالمین والعاقبة للمتقین والصلوة والسلام علی نبیه محمد واٰله اجمعین۔ بدانکه ار شدك اللّٰه تعالیٰ فی الدارین۔ ای طالب تلاوت قرآن ہیچ عبادت افضل تر از قرآن نیست

اختتام ..... :۔ .....اگر مد چہار الفی است بدلۂ ہر الف نوبت.....
چہار انگشتانرا اکراہ زند نہ آہستہ ونہ شتاب واگر یک الفی است سہ ۳ انگشتانرا اکراہ زند واگر دو الفی است دو انگشتانرا اکراہ زند، اگر یک الفی است یک اینت چنانچہ امنو چنانچہ ایۃ علی ھذا القیاس

ترقیمه ..... :۔ -

حالت ..... :۔ ناقص الآخر۔ حروف کو سرخ روشنائی میں لکھا ہے۔

نوٹ ..... :۔ -

نمبر : 2262

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 25x14 سطور ... :۔ ۱۸

اوراق ..... :۔ ۵۳ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ شکستہ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ اصول فقہ

آغاز..... :۔ .....قوله فی المعاد ای فی دار الجزاء قوله وان قوتهم حال اومعطوف علی کونها .....

اختتام ..... :۔ .....فی تفسیر الضمیر فی یتوقف علی قاعل خلق الاعمال قوله.....

ترقیمه ..... :۔ -

حالت ..... :۔ اوراق الگ ہو چکے ہیں اور کرم خوردہ ہے۔ ناقص الطرفین

نوٹ ..... :۔ اصول فقہ کی تعریف شرعی احکام کو مع دلائل استنباط کرنا۔ ورق ۴۰ پر مولانا سعد الدین کا اسم گرامی مذکور ہے اور ورق ۳۸ کے حاشیہ پر سیف الدین کا قول نقل کیا ہے اور ورق ۱۱ کے حاشیہ پر ابن سینا کی کتاب اشارات کی عبارت نقل کی ہے اور جگہ جگہ پر سید صاحب کا قول منقول ہے۔

نمبر : 2263

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 24x15 سطور ... :۔ ۷

اوراق ..... :۔ ۳۷ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ شیئ یسجد علیه فان فعل وهو یخفض راسه صحّ والّا لاوان تعذالقعود او می مستلقیا او علی جنبه

اختتام ..... :۔ وقطع قوایمه وحلبه وکسر بیضه وخر وفرخ میت به ولا شیئ یقتل غراب وحداةَ وذِئبٍ .....

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ اوراق الگ ہو چکے ہیں۔ جلی حروف۔ سرخ روشنائی میں لکھے ہوئے۔ ابواب کے نام اور نمبر ماند پڑ گئے ہیں۔

نوٹ ..... :۔ نماز، روزہ، حج وغیرہ کے مسائل کا بیان کیا گیا ہے۔

نمبر : 2264

کتاب کا نام... :۔ چہل و چہار مسئلہ

مصنف ..... :۔ صدیق شریف

مہر و مالک.. :۔ (۱) عبدالقادر چلی (۲) میان محمد بن میان عبدالرحیم

سائز..... :۔ 20x13.5 سطور ... :۔ ۱۱

اوراق ..... :۔ ۶ کاتب .... :۔ عبدالرحیم

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ رب یسر وتمم بالخیر

الحمد للہ رب العالمین والعاقبت للمتقین والصلواۃُ والسلام علی رسوله محمد وآله واصحابه اجمعین بدانکہ این چہل و چہار مسئلہ دانستن برہمہ مسلمانان مردان وزنان فریضہ است۔

اختتام ..... :۔ ابیات : چہار کرسی چہار مذہب در وضو فرضہ است چہار

سہ بہ غسل سہ بہ تیمم پنج بنا اسلام دار

سیزدہ احکام ارکان ھفت ایمان راصفت

پنج وقت پنج نیت ای برادر یاد دار

سی وروزہ سی ونیت ھفدہ رکعت فرض دان

این مسایل فرض آمد یک صد وسی در شمار

ترقیمہ ..... :۔ تصنیف صدیق شریف۔ تمت تمام۔ این کتاب عبدالرحیم نوشتہ

حالت ..... :۔ اوراق الگ ہو چکے ہیں۔

نوٹ ..... :۔ چہل و چہار مسئلہ کے عنوان سے دو اور قلمی نسخے فارسی زبان میں نمبر ۱۱۷۳ اور ۱۲۰۰ پر مخزون ہیں۔ یہ نسخہ اس لئے اہمیت رکھتا ہے کہ اس میں مصنف کا نام صدیق شریف مرقوم ہے۔ کیا یہ وہی مولانا صدیق بن شریف ہیں جن کی تفسیر بدیع التفسیر اور دیگر رسالے بھی اس کتاب خانہ میں موجود ہیں؟

کاتب کے نام کے بعد یہ عبارت ہے : وراسب کردہ میان شیخ احمد۔

ورق ۶-الف پر ایک اور تحریر ہے:

چار کرسی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

محمد بن عبداللہ عبداللہ بن عبدالمطلب

عبدالمطلب بن ہاشم ہاشم ابن عبد مناف

این چہار کرسی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برحق است۔ تمت تمام شد۔

حاشیہ میں: عبدالرحیم نوشتہ

ورق ۱-الف پر عبدالقادر چلی کا نام اور حسب ذیل تحریر ملتی ہے: مالک این کتاب میان محمد بن میان عبدالرحیم۔

نمبر : 2265

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 30.5x18.5 سطور ... :۔ ۲۲

اوراق ..... :۔ ۳۸۲ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ شاء اللہ تعالیٰ وفی الخلاصہ وذکر الکرنی الارکان الاربعتہ ولم

بعد التکبیر..... وکذا القعدة الاخیرة وقال ھی فرض ولیس بَرکن.....

اختتام ..... :۔ ..... الا ما ابو بکر محمد بن فضل رحمة الله عمن قال اللھم یرید الاحرام ھل بصیر محرماً قال علی قیاس قول ابی حنیفة رحمة الله یجب ان یصبرا حرماً والله اعلم بالصواب

ترقیمہ ..... :۔ تم ربیع الاول۔ ویتلوہ کتاب النکاح

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الاول۔ سرخ روشنائی سے مختلف کتابوں کی عبارت درج ہے اور مختلف روشنائی سے فصل اور باب قائم کئے ہیں۔

نوٹ ..... :۔ شرح الطحاوی۔ التحفۃ۔ الھدایۃ۔ الکافی۔ الجامع الصغیر۔ الوقایۃ۔ خلاصہ۔ نوادر۔ الکبریٰ۔ قدوری۔ احیاء علوم الدین۔ منافع۔ مضمرات۔ واقعات الناطقی۔ شرح الاثار۔ جامع الجوامع ان کتب کا ماخذ مذکور ہے۔ ورق ۱۸۴، ۲۰۰، ۳۰۱، ۳۴۲ مذکورہ اوراق نمبر سے کچھ صفحات نہیں ہیں۔ ورق ۳۷۵ سے اور ورق ۳۸۱ سے خط بدلتا ہے اور بہت کم حواشی مذکور ہیں۔

نمبر : 2266

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 22x13.5 سطور ... :۔ ۷

اوراق ..... :۔ ۸ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ الاستیجار لِتعلیم القرآن ولا یجُورُ علی الغناء والنَّوحِ والملاحی وفَسَدَ اَجارۂ المشاعِ الا من الشریك وصحَّ اِستیجارُ النظیر بأجرةٍ معلومةٍ ولطعامھا وکسوتھا

اختتام ..... :۔ وان دَبَّرَ مکاتبهُ صَحَّ فان عجّز بقی مدیراً والّا سَعَ فی ثلثی قیمته اَو ثلثی البدل بموته مُعسراً وان اعتق مکاتبه عتق وسقط البدلُ

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الطرفین ۔ غیر مجلد

نوٹ ..... :۔ بین السطور بے شمار حاشیے مندرج ہیں۔ مشہور کتابوں مثلاً ھدایہ، مبسوط جامع الصغیر وغیرہ کے اقتباسات شامل ہیں۔

نمبر : 2267

کتاب کا نام... :۔ ھدایۃ، شرح قدوری

مصنف ..... :۔ ابوالحسن علی برہان الدین ابن ابوبکر المرغینانی (ولادت : ۵۱۱ھ/۱۱۱۷ء- وفات: ۵۹۶ھ/۱۱۹۹ء)

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 31x8.5(20x9) سطور ... :۔ ۵ ۔ ۷ یا ۹

اوراق ..... :۔ ۴۹۸ کاتب .... :۔ -

تاریخِ تالیف.. :۔ ۵۷۳ھ/۵۸۶ء خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ الانفصال للضرورة والاحروذة، بعده قال والجنب اذا نغمس فی البیر لطلب الدلوِ فعندابی یوسف رحمة الله الرجل بحاله لعدم الصب وهو شرط عنده ....

اختتام ..... :۔ عند زفرؒ یتمکن لانه ممنوع عن غیانها ..... بعض النسخ او یجامعها والاول یدل علی انه

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ آب زدہ ۔ ناقص الطرفین ۔ انتہائی کرم خوردہ

نوٹ ..... :۔ ابتداء میں ایک فہرست ہے جس کا عنوان ''جوھر نیرہ شرح قدوری'' ہے موجودہ نسخے کا مطبوعہ ہدایہ سے مقابلہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ہدایہ ہے۔

نمبر : 2268

کتاب کا نام... :۔ علم الاشباہ والنظائر۔فن الثالث

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 22.5x16.5 سطور ... :۔ ۱۴

اوراق ..... :۔ ۶ کاتب .... :۔ محمد روشن

تاریخ کتابت.. :۔ ۲۶ رمضان ۱۲۳۷ھ / ۱۶ جون ۱۷۲۲ء

خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ فقہ

آغاز..... :۔ هو۔ النوع الثالث ۔ بسم الله ۔ رب يسر وتمم بالخير
الحمد لله على ما انعم والهم وفتح من دقائق الحقايق وافهم
وصلى الله تعالىٰ على رسوله محمد وآله واصحابه وسلم وبعد
فهذا الفن الثالث من الاشباه والنظائر وهو فن الجمع والفرق

اختتام ..... :۔ قال ابو العباس الناطفى رايت بخط بعض مشايخنا فى رجل
جعل لاحد بينه دار ا بنصبيه على ان لايكون له بعد موت الاب
ميراث جاز وافتى به الفقيه ابو جعفر محمد بن اهمان احد
اصحاب محمد بن شجاع البلخى وحكى ذلك اصحاب محمد بن
ابى الحارث وابوعمرو والطبرى انهى ثم النوع الاول والثانى من
الاشباه والنظاير ويليه النوع الثالث من الاشباه والنظاير هو
فن الجمع ولفرق۔

ترقیمہ ..... :۔ تم فى الثانى من هذا الكتاب بيد احقر الناس محمد روشن فى
التاريخ عشرون وسبعه من رمضان المبارك ۱۲۳۷ نبوى عليهم
الصلوة والسلام۔

حالت ..... :۔ اچھی ہے۔غیر مجلد۔درمیان میں چند اوراق نہیں ہے۔

نوٹ ..... :۔ الاشباہ والنظائر ایک اہم علم ہے۔اس فن کی کسی کتاب کے فن الثالث کو نقل کیا ہے جس میں احکام النسیان، کتاب الفرائض شامل ہیں۔کتاب الاشباہ والنظائر مصنفہ علامہ زین الدین مصری کے دیگر قلمی نسخوں کے لئے دیکھئے وضاحتی فہرست جلد-۱ کتاب نمبر:۴۵۷، ۴۵۸ اور ۴۵۹۔

نمبر : 2269

کتاب کا نام... :۔ گوجری چہل چار مسائل

مصنف ..... :۔ صبغت اللہ

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 4.75 x 7 سطور ... :۔ ۸ / ۷

اوراق ..... :۔ پہلا نسخہ:۴، دوسرا:۳ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق اور نسخ

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ مسائل نماز

آغاز..... :۔ چھل چار مسائل اینست

بسم اللہ الرحمن الرحیم سنو بہا یو چھل چار مسائل

یہ بات ھی بری نہوئین غافل

فرض اول سات صفت باریتعالی پچھون فرض پنج بنان مسلمانی اعلی

اختتام ..... :۔ التحیات للہ والصلوۃ والطیبات السلام علیك ایها النبی ورحمة اللہ وبرکاته السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین۔ اشهد

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ دو ناقص نسخے ہیں۔نسخۂ اول کے چار ورق ہیں۔درمیان میں سے ایک دو ورق غائب ہیں۔دوسرا نسخہ ناقص الطرفین ہے۔

نوٹ ..... :۔ چھل وچار مسائل کے مکمل فارسی اور گوجری نسخے اس کتاب خانہ میں موجود ہیں۔ دیکھئے نمبر 1943 اور Z046 ؛ 1200؛ 1173؛ آخری دو فارسی میں ہیں۔

نمبر : 2270

کتاب کا نام... :۔ **ابیات طوطی نامہ**

مصنف ..... :۔ نخشبی ضیاء الدین بداونی (م ۷۵۱ھ / ۱۳۵۰ء)

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 5.5x9 سطور... :۔ ۱۵

اوراق ..... :۔ ۸ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ پند و نصیحت

آغاز..... :۔ خدایا اہل دل را ذوق دردہ ضیاء نخشبی را شوق دردہ

اختتام ..... :۔ زاں علم عملہا کہ شرم آرد باز ہمہ کس را خدا نگاہ دارد

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ منتشر اوراق

نوٹ ..... :۔ نخشبی کی طوطی نامہ فارسی نثر میں مشہور کتاب ہے۔ اس طوطی نامہ میں سے نخشبی کے منظوم کلام کو یہاں جمع کیا گیا ہے جس میں فرد اور قطعات شامل ہیں۔ نخشبی نے طوطی نامہ ۷۳۰ / ۱۳۲۹ میں لکھی تھی اس کا اصل ماخذ سنسکرت زبان کی کتاب شکاسب تتی بتایا گیا ہے جس میں طوطی کی زبانی ستّر کہانیاں کہلوائی ہیں۔ نخشبی نے طوطی نامہ میں بارہ کہانیاں لکھی ہیں۔ گلکرائسٹ کی فرمائش پر ۱۲۱۶/۱۸۰۱ میں حیدر بخش حیدری نے طوطا کہانی کے نام سے اسے آسان اردو میں لکھا تھا۔ ملا قادری نے ۱۰۷۳/ ۱۶۶۲ میں آسان فارسی میں ایک اور طوطی نامہ لکھا تھا۔

درگاہ شریف حضرت پیر محمد شاہؒ کتابخانے میں نخشبی کی کتاب طوطی نامہ کے دو قلمی نسخے مخزون ہیں۔ دیکھئے نمبر 1586 اور 1634۔

تصوف کے موضوع پر نخشبی کی تصنیف سلک السلوک کے قلمی نسخے بھی یہاں مخزون ہیں بحوالہ نمبر Z 68 اور نمبر 2036 نخشبی کے حالات کے لئے دیکھئے بزم صوفیاء، سید صباح الدین۔

نمبر : 2271

کتاب کا نام... :۔ قصۂ مادرللّو بھائی

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 5.25 x 6.25 سطور ... :۔ ۱۲ / ۱۱

اوراق ..... :۔ ۵ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ پندونصیحت

آغاز..... :۔ هو الغنی۔ بسم اللّٰه الرحمن الرحیم

کہ اول محبت یک رنگ بودی اگر این محبت رہ خستہ کردی

ترا کاری چنان کردن نباید مگر ظلمی چنین کردن نشاید

اختتام ..... :۔

خوشحال رای پدر تو ناکارہ شدہ مادر کسب لولیان شدہ

کہ از بارگہ ساہو خوش دل شدہ بود در آغوش گرفتہ . . . شدہ بود

ترقیمہ ..... :۔ این قصہ مادرللو بہائے ولد خوشحال رای وہمراہ کشن لعل جنگ بسیار کردہ بود بنا بران این قصہ پرداختہ است۔ تمت تمام شد کار من نظام شد۔ نم

حالت ..... :۔ غیر مجلد

نوٹ ..... :۔ ورق ۳۔ ب للّو کو احمقِ احمد آباد بتایا ہے۔ اور ورق ۵۔ الف پر اہل کہاریہ۔ کھاڑیہ کا بھی نام لیا گیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے قصۂ ھٰذا اور اس کے کرداروں کا پس منظر احمد آباد شہر ہے۔

نمبر : 2272

کتاب کا نام... :۔ مدارالقلوب

مصنف ..... :۔ -

مہر و مالک :- -

سائز ..... :- 18x12 سطور ... :- ۱۱

اوراق ..... :- ۲۰ کاتب .... :- -

تاریخِ کتابت :- - خط ..... :- نستعلیق۔نسخ

زبان ..... :- فارسی موضوع :- پند و نصیحت

آغاز ..... :- حمد خداوندی را کہ ابوالبشر را از کتم عدم بیش از خود بنواخت کہ اِنّی جَاعِلٌ فی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً ۔ بدرستی کہ من گردانیدہ ام در زمین خلیفہ را و عزازیل لعنتی را کہ خلقت جن داشت بلباس ملکی سر برداشت با آتش۔

اختتام ..... :- ای خداوندا چہ خواہی گردد در روز عذاب بر دل شوریدہ عاصی کو بود ہر دم خراب

ترقیمہ ..... :- کافران کامروز غفلت می کنند از کفر خویش چون نمی گویند فردا یا لیتنی کنت تراب

حالت ..... :- غیر مجلد۔ ناقص الآخر۔ کرم خوردہ۔ خوش خط۔ عربی عبارت نسخ اور فارسی نستعلیق میں۔ کاغذ چپکا کر کنارے درست کئے گئے ہیں۔

نوٹ ..... :- حمد خدا اور درود و سلام کے بعد مصنف نے لکھا ہے کہ مصیبت روزگار اور جورِ فلک کا سبب بزرگان گرفتہ دل پر یہ کھلا ہے کہ ان کا تعلق آیاتِ قرآنی کے ساتھ ملحق ہے لہذا مصنف نے ذکر کے عنوان سے قرآنی آیت نقل کر کے اس کا فارسی ترجمہ لکھا ہے۔ اس کے بعد حدیث پاک درج کی ہے اور اس کا بھی فارسی ترجمہ لکھا ہے۔ سب سے آخر میں قرآنی آیت اور حدیث کے موضوع کی مناسبت سے جو نصیحت اخذ ہوتی ہے اُسے فارسی قطعات میں بیان کیا ہے۔ اس طرح ۲۳ ذکر پر مشتمل یہ رسالہ مختلف آیات قرآنی، احادیث پاک اور فارسی قطعات کا دلچسپ مجموعہ بن گیا ہے۔ ذکر پنجم میں فارسی کی جگہ عربی شعر کہا ہے۔

نمبر : 2273

کتاب کا نام ... :- نامعلوم

مصنف ..... :- یتیم اللہ ؟

سائز ..... :- 4 x 6 سطور ... :- ۹

اوراق ..... :۔ ۸ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ گوجری موضوع :۔ پندونصیحت

آغاز..... :۔ کچھ روح ھماری دیجوری تک مھر ھمون پر کیجوری

خویش قبیلا رُوتی رِی پوچھی نکو جھوتی ری

اختتام ..... :۔ خدایا مجھی بخش میری مراد کہ طالب ھون میں تیری دیدار کا

یتیم اللہ اب ھی تیرا دردمند نھیں حال پوچھی سو بیمار کا

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ غیر مجلد

نوٹ ..... :۔ ورق ایک سے چار تک دنیا والوں کو قبر کی زبانی مرنے کے بعد پیش آنے والے چند حالات سے آگاہ کیا ہے۔ یہ مسلسل بیان ہے۔ ورق ۵ سے ریختہ کے عنوان سے الگ ابیات ہیں جس میں دَم کی اہمیت اور اس کے معنی سمجھائے گئے ہیں۔ تصوف کے رنگ میں نصیحت کی باتیں شامل کی گئی ہیں۔ زبان صاف ہے۔

نمبر : 2274

کتاب کا نام... :۔ جوامع الحکم

مصنف ..... :۔ شیخ علی متقیؒ (م۹۷۵/۱۵۶۷)

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 26x17 سطور ... :۔ ۲۱

اوراق ..... :۔ ۹۱ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ حکمت ونصیحت

آغاز..... :۔ من یختلف احواله فتارة وتارة وهو اکمل الکمال لانه حاله علیه الصلاة والسلام اذا طعم الفامن صاع وشد الحجر علی بطنه فافهم ایضا فیها۔

اختتام ..... :۔ اشتغل عن الحکایات والاخبار ابوبکر الهلالی، کن شریف الهمة فان الهمم تبلغ الرجال لاالمجاهدات جعفر..... من کان بالحق تلفه کان الحق خلفه قبل

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ ناقص الطرفین ۔ خوبصورت متوازن جلی خط۔ اوراق بے ترتیب رکھے ہوئے ہیں۔ باب ۹ ۔ ۱۰ ۔ ۱۱۔ ۱۲ ۔ ۱۳ ۱۴ ۔ ۱۵ ۔ ۱۶ ۔ ۱۸ ۔ ۱۹ کی تحریرات شامل ہیں۔

نوٹ ..... :۔ عربی میں شیخ علی متقیؒ کی کتاب جوامع الکلم فی المواعظ والحکم کے عنوان سے ہے جس کا قلمی نسخہ اس کتاب خانہ میں محفوظ ہے (نمبر 2142)۔ شیخ علی متقی کی مذکورہ کتاب اور زیر نظر کتاب جوامع الحکم کا اندازِ تحریر نیز ان کے مضامین اور ذیلی عنوانات بھی یکساں ہیں۔ اس لئے یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ یہ جوامع الکلم فی مواعظ الحکم ہی کا ناقص نسخہ ہے گو اس کے چند اوراق پر کتاب کا نام مختصر طور پر جوامع الحکم لکھا ہے۔

ہر موضوع کو تضمینات، احادیث، کلام السلف وغیرہ کے ذریعہ سمجھایا گیا ہے۔ اہم موضوعات حسبِ ذیل ہیں: (۱) متابعته (۲) فی ذکر الموت (٤) النور (٥) زینت (٦) ستر العیب (۷) سفر وآدابه (۸) صفات الاولیاء والمشائخ (۹) سماع (۱۰) شکر (۱۱) صبر (۱۲) صوم (۱۳) ضیافته (١٤) طب (١٥) طبع (١٦) عظمت الله (۱۷) علم وادب (۱۸) فتن (۱۹) فقروفاقه (۲۰) قصاص (۲۱) وسوسه.....

حکیم ابن عطار سکندری (م ۷۰۹/۱۳۰۹) سے اقتباسات سب سے زیادہ ہیں۔ پوری کتاب میں حواشی لکھے ہوئے ہیں۔ قرآنی علوم، احادیث نبوی اور تصوف میں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے مفید کتاب ہے۔

جوامع الکلم کے دیگر قلمی نسخوں کے لئے دیکھئے:

Contribution of India in the development of

Arabic Literature. p.299 : Dr. Zubaid Ahmad

حضرت بندہ نواز گیسو درازؒ (م ۸۲۵/۱۴۲۱ء) کے ملفوظات، جوامع الکلم کے عنوان سے شائع ہو چکے ہیں۔ (مرتبہ سید محمد اکبر حسینی) ۱۹۹۰ء

نمبر : 2275

کتاب کا نام... :۔ اسماء اہل بدر و اسماءِ الاحدیین

(اسماء اہل البدر اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

مصنف ..... :۔ -

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 5 x 8 سطور ... :۔ ۱۱

اوراق ..... :۔ ۲۰ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ ۱۲۱۹ / ۱۸۰۴ خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ دُعا

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرّحمن الرحیم۔ اللھم اسئلك بحق سیدنا ومولانا محمد المھاجری رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وبحق ابی بکرنِ الصدیق رضی اللّٰہ عنہ.....

اختتام ..... :۔ اللھم صلِّ علی سیدنا محمد سادن خزائن الاسماء والمسمیات وعلی الٰہ ذوی المعارف الالھیہ والآیات البینات وعلی اصحابہ الجامعین للکمالات القدسیہ وعلی اتباع ملتہِ السھلة السنیةِ صلٰوۃ مقرونة۔ باز کیٰ سلامِ۔ مطرزۃ بطراز القبول وحسن الختام والحمد للّٰہ رب العالمین۔

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ صرف پہلا ورق کرم خوردہ ہے۔ عمدہ خط میں لکھا ہوا خوبصورت نسخہ ہے۔ عنوان اور رضی اللہ کے الفاظ سرخ روشنائی میں ہیں۔ سُرخ وسیاہ جدول ہر صفحہ پر بنائی گئی ہے۔

نوٹ ..... :۔ اسماء اہل بدر اور اُحد کے وسیلے سے دعائیں مانگی گئی ہیں۔ کتاب کا موضوع دعا ہے۔ اسماء اہل بدر ورق ۱۰۔ب پر پورے ہونے کے بعد طویل دعا ورق ۱۲۔ب تک ہے اور ۱۲۔ب سے اسماء الاحدیین شروع کئے ہیں جن کو ورق ۱۶۔ب پر پورا کیا ہے اس کے بعد ان ناموں کے وسیلہ سے دعا ورق ۲۰۔الف تک پائی جاتی ہے۔ اس کتاب خانہ میں اسماء اہل بدر پر مبنی دو قلمی نسخے اور موجود ہیں جن کے نمبر 215 اور 2028 ہیں۔

نمبر : 2276

کتاب کا نام... :۔ ھفت قفل وھیکل

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 5.25 x 9 سطور ... :۔ ۹

اوراق ..... :۔ ۱۷ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ ۱۸۳۲/۱۲۴۸ خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ دعائیں

آغاز..... :۔ قفل اول۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ مجریھا وَمُرسَیھا ان ربی لغفور رحیم۔ بسم اللہ اعوذ باللہ من بلاءِ اللہ۔ بسم اللہ اعوذ باللہ من عذاب اللہ۔

اختتام ..... :۔ بسم اللہ الرّحمن الرحیم۔ قل اعوذ برب الناس ملك الناس اله الناس من شرالوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنة والناس۔

ترقیمہ ..... :۔ تمت تمام ھفت قفل شدہ ۱۳ — ۱۲۴۸

از دست نوشتہ بماندسیہ برسفید نوسندہ را.... امید

حالت ..... :۔ غیر مجلد

نوٹ ..... :۔ ورق ۔۱ سے ورق ۸-الف تک ھفت قفل نمبروار درج کئے ہیں اور اسی ورق پر

ترقیمہ بھی تحریر کیا ہے۔ ورق ۸-ب پر دوسرے خط میں فارسی میں نماز جنازہ کا طریقہ لکھا ہے۔ ورق ۹-الف سادہ ہے اور ۹-ب سے ھیکل بھی بالترتیب لکھے ہیں جو سات ہیں۔ عبارت سُرخ روشنائی اور سیاھی دونوں میں ہے۔ خط بہت خوبصورت ہے۔ کاتب نے اپنا نام نہیں لکھا۔

نمبر : 2277

کتاب کا نام... :۔ دعاءِ سُریانی

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 6x7 سطور ... :۔ ۸

اوراق ..... :۔ ۱۱ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ -

زبان ..... :۔ عربی اور اردو موضوع :۔ دعاء اور وظیفے (دعاءِ سُریانی)

آغاز..... :۔ کَثِیْرُ الْبِرِّ فَاُطْلُبْنِیْ تَجِدْنِی

میں ذاتون ذات ھون اپِن اکیلا

نہ رکھتا ھون کوئ خادم نہ چیلا

کرون احسان میں ھر ھر فرد پر ندیکھوں کون پھلا کون چھیلا

اختتام ..... :۔ محمد مصطفے ھے ذاتکا نور

نھین یک آن-ان وی مجہ قرب سین دور

کیا اس کے سبب یہ سب ظہورا

میں ھون ناظر وھی میری ھین منظور

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الاول۔ عربی ابیات سرخ روشنائی اور اردو ابیات سیاھی سے لکھے گئے ہیں۔ ورق ۱۔ اینچے سے کرم خوردہ ہے۔

نوٹ ..... :۔ عربی میں ایک بیت اور اس کے بعد اردو میں دو بیت مندرج ہیں۔ یہ تمام کلام اللہ تعالیٰ کی زبانی بندوں سے مخاطب ہو کر کہا گیا ہے جس میں اللہ تعالیٰ بندوں کی پکار سننے اور حاجتوں کے پورا کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔ ہر بیت کے تعلق سے حاشیہ میں اس کے پڑھنے کی فضیلت لکھی ہے۔ مثلاً: اگر کوئی دس ہزار مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ صغیرہ و کبیرہ بخشے۔

نمبر : 2278

کتاب کا نام... :۔ دعاء ختم قرآن

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر و مالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 6 x 9 سطور ... :۔ ۷

اوراق ..... :۔ ۹ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ دعا

آغاز..... :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین حمد الحامدین حمد الذاکرین حمد الشاکرین حمد الصابرین....

اختتام ..... :۔ سبحان ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمد لله رب العالمين وارحم برحمتك يا ارحم الراحمين۔ اٰمین یا رب العالمین۔

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ بالائی حصہ ناقص اور پھٹا ہوا ہے۔

نوٹ ..... :۔ خوبصورت جلی حروف میں لکھا ہوا مکمل نسخہ ہے۔ ختم قرآن کی دعا کا قدماء کے یہاں جو طریقہ تھا اس کا نمونہ ہے۔

نمبر : 2279

کتاب کا نام... :۔ شمس المعارف ولطایف العوارف

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 22x15.5cm سطور ... :۔ ۲۵

اوراق ..... :۔ ۶۸ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ وظائف اورخواتیم (تعویذ)

آغاز..... :۔ وما تابعها بحور السور والايات وجعلت هذا النكات فصولا ليدل كل فصل على ما اختباه واحصاه من علوم دقيقه يتصل بها الى الحضرة البربانية من غير تعب ولاادراك مشقة ومايتصل منها الى رغايب الدنيا وما يرغب فيها

اختتام ..... :۔ واما اسمه تعالىٰ الخالق من اكثر من ذكره ونقشه فى خاتم من فضة والطالع احد المثلثات.....

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الطرفین ۔ غیر مجلد ۔ درمیان میں بھی چند اوراق غیر موجود ہیں۔ رنگین جدول۔

نوٹ ..... :۔ خوبصورت خط میں کتابت شدہ اور مربع اور مدور تعویزوں سے آراستہ کسی قدیم کتاب کی نقل ہے۔ آغاز میں ایک ورق تمہید کا غائب ہے۔ چالیس فصلوں پر مشتمل ہے جن کی فہرست تین صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔

نمبر : 2280

کتاب کا نام... :۔ **نامعلوم**

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 17.5x13.5 (14x3.5)

اوراق ..... :۔ ۹ سطور ... :۔ ۱۱

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ دعا

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ روی عن انس ابن مالك رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ تعالی علیہ وعلی الہ وصحبہ وسلم، انہ کان قاعداً فی المسجد فنزل علیہ جبرئیل علیہ السلام وقال یا محمد ان اللّٰہ تعالیٰ یقرء ك السلام بالتحیة والاکرام وقدبعث الیك ھدیة مااعطاھا مِن الانبیا....

اختتام ..... :۔ سبحان ربك رب العزة عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للّٰہ رب العالمین۔ صلی اللّٰہ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وسلم کثیراً کثیرا برحمتك یا ارحم الراحمین۔

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ اچھی حالت میں ہے۔

نوٹ ..... :۔ ورق ۱ سے ۴ تک دعا کے فائدے اور ورق ۴-ب سے آخر تک دعا نقل کی ہے۔

نمبر : 2281

کتاب کا نام... :۔ سورۃ الفاتحہ ویٰسٓ مع الترتیب

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 19x14 سطور ... :۔ ۷

اوراق ..... :۔ ۳۳ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ وظیفہ

آغاز..... :۔ سورۃ الفاتحہ ویٰسٓ مع الترتیب۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للّٰہ رب العالمین الرحمن الرحیم، مالك یوم الدین، ایاك نعبد

وایاك نستعین، اهدنا الصراط المستقیم، المستقیم، المستقیم، المستقیم۔

اختتام ..... :۔ صرات الذین انعمت علیهم غیر المغضوب علیهم ولاالضالین۔ اٰمین۔ اٰمین۔ اٰمین۔ اٰمین۔ تمت تمام ۔ شد تمام

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ جلی حروف ۔ اچھا نسخہ

نوٹ ..... :۔ سورۂ یسین کو سورۂ فاتحہ ملا کر پڑھنے کا طریقہ لکھا ہے۔

نمبر : 2282

کتاب کا نام... :۔ سورۂ واقعہ پڑھنے کا طریقہ

مصنف ..... :۔ —

مہر و مالک.. :۔ —

سائز..... :۔ 19x12.5 سطور ... :۔ ۷

اوراق ..... :۔ ۱۹ کاتب .... :۔ —

تاریخِ کتابت.. :۔ — خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ وظیفہ

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ اللهم صلی علی سیدنا محمد وعلی اٰلِ محمد وبارك وسلم۔ ہر اُو کوئی چیاھی کی ختم سورۃ الواقعہ شروع کر بیں تان دُو دِن تک بخشی دوسرے جمعہ تک سات ختم سورۃ الواقعہ ہُوی۔

اختتام ..... :۔ یا مفتح الابواب اِفتح ابواب الرحمته والرزق واِنك علی کُل شیءٍ قدیر۔ وبالاجابةِ جدیر وصلی اللّٰہ علی خیر خلقه محمد واٰله اجمعین۔

ترقیمه ..... :۔ تمام شد۔ نوشتہ بماند سیاہ بر سفید نویسندہ را نیست فردہ امید۔

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ جلی حروف میں اچھا نسخہ ہے۔

نوٹ ..... :۔ سورۂ واقعہ کو سورۂ فاتحہ ملا کر پڑھنے اور دعائیں مانگنے کا طریقہ درج ہے۔

نمبر : 2283

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 18x14 سطور ... :۔ ۹

اوراق ..... :۔ ۶ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ دعا

آغاز..... :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ یا رب دخلت دخلی کانت وکیلی کافی یکفنی رب یکفنی معبودی۔

اختتام ..... :۔ یا محمد فتح الابواب اخبرنی بحق یا بُدُّوح یا بُدّوح یا بُدّوح

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ اچھی حالت ۔ جلی خط

نوٹ ..... :۔ حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کے وسیلے سے دعائیں مانگی گئی ہیں۔

نمبر : 2284

کتاب کا نام... :۔ درود معظم

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 19x11.5 سطور ... :۔ ۸

اوراق ..... :۔ ۵ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ درود

آغاز..... :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم صل وسلم علی سیدنا ومولٰنا

محمد وعلی اٰل سیدنا محمد بعددِ فضلِ اللّٰہ

اختتام ..... :۔ وصل علی محمد وعلی اٰلہ واصحابہ اجمعین برحمتك یا ارحمن الراحمین

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد ۔ خوش خط، جلی

نوٹ ..... :۔ ×

نمبر : 2285

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 20x12(15x7) سطور ... :۔ ۱۳

اوراق ..... :۔ ۱۰ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ درود

آغاز..... :۔ رسایل بعداز بسملہ ودر تکبیرات عید نزد شافعیہ ودر نماز جنازہ ودر احرام عقب تلبیہ وبر صفا ومروہ بعداز تھلیل وتکبیر ونزد دیدن کعبہ زادھا اللہ تعالیٰ شرفا ونزد استلام الحجر الاسود ودر طواف والتزام.....

اختتام ..... :۔ ومستجاب گردد دعای او وداده شود آمال او واعانت کرده شود اورا بر اعداء وتوفیق داده شود.....

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ناقص الطرفین ۔ خوبصورت جلی خط ۔ سُرخ روشنائی میں جدول۔

نوٹ ..... :۔ مختلف اوقات اور مقامات پر پڑھنے کے درود بتائے ہیں۔

نمبر : 2286

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 21.5x13 سطور ... :۔ ۱۸

اوراق ..... :۔ ۲ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ ونستعلیق

زبان ..... :۔ عربی وفارسی موضوع :۔ پندونصیحت اوراحکام شریعت

آغاز..... :۔ چنانکہ گفتہ ام بالا دقیقت شریعت، ہم طریقت ہم حقیقت

وجود آدمی از ہر سہ مجموع بکردہ حق تعالی جملہ مصنوع

یکی نفس و یکی روح و یکی دل ولی درحرف ہریک ہست مشکل

حدیث نبوی وجَعلتُ فی النفس طریق الزاھدین

اختتام ..... :۔ المنتظر للصلوۃ کانہ فی الصلوۃ، من یشاءُ منی بتمام اللّٰہ افضلُ ذکر لااله الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ۔

کسی کہ منتظر باشد برای نماز ھمچو درنمازست، کسی کہ می خواہد مرابہ تمام خدای فاضل تریادکردن

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ کسی کتاب کے دوبوسیدہ ورق ہیں۔ناقص الطرفین۔

نوٹ ..... :۔ قرآنی آیات اورحدیث پرمبنی پندونصائح جمع کئے ہیں۔فصل سیوم دربیان وضو کے تحت وضوکی فضیلت بیان کی ہے۔آیات واحادیث کا فارسی ترجمہ اور فارسی ابیات بھی شامل ہیں۔

نمبر : 2287

کتاب کا نام... :۔ صلوٰۃ وسلام

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 20x12 سطور ... :۔ ۱۱

اوراق ..... :۔ ۲۱ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ صلوٰۃ وسلام

آغاز..... :۔ ..... القایم ۔ سبحان القایم الدایم ۔ سبحان الحی الذی لایموت

اختتام ..... :۔ وصل علیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین والملایکۃ المقربین وعلیٰ.....

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الطرفین۔ جز چہارم، پنجم، ششم، اور ھفتم کے چند اوراق ہیں۔ اوراق کی ترتیب بدل گئی ہے۔

نوٹ ..... :۔ سلام اور درود پر مبنی مخطوطہ ہے۔

نمبر : 2288

کتاب کا نام... :۔ **مناجات**

مصنف ..... :۔ شرفو

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 17.5x13.5 سطور ... :۔ ۱۰

اوراق ..... :۔ ۸ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ مناجات

آغاز..... :۔ مخمس مناجات :

پھاندیمین ھون چھراؤ مجی یا نبی یا نبی

مت فکر میں ڈوباؤ مجی یا نبی یا نبی

اختتام ..... :۔ سیہ رویوں کا یہ مقصود و مطلب
ھماری شرم رکھ اب یا الھی

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ جلد کھل گئی ہے۔ اچھا خط ہے۔ ورق ۳-الف سادہ ہے۔ درمیان میں کچھ اوراق ضائع ہو گئے ہیں۔

نوٹ ..... :۔ مخمس کی شکل میں شرفو کا گوجری کلام ہے۔ رسول اللہ کو پکار کر حاجت پورا کرنے کی استدعا ہے۔

نمبر : 2289

کتاب کا نام... :۔ القاموس المحیط والقابوس الوسیط

مصنف ..... :۔ امام مجد الدین محمد بن یعقوب الفیر وزآبادی (م ۸۱۷/۱۴۱۴ء)

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 23.5x15.5cm سطور ... :۔ ۲۹

اوراق ..... :۔ ۴۵۱ کاتب .... :۔ عبداللہ بن وجیہہ الدین بن نصر اللہ العلوی (م ۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء)

تاریخِ کتابت.. :۔ بدھ ۱۹ ربیع الاول ۹۸۹ھ/۱۵۸۱ء خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ لغت

آغاز..... :۔ الحمد للّٰہ مُنطِق البلغاء باللغٰی فی البوادی۔ ومودِعِ اللسان السِنِ الـلّسُنِ الھَوَادی۔ ومخصّص عروقِ القیصومِ وغضا القصیمِ بمالم ینله العبهر والجادِی۔

اختتام ..... :۔ قال مؤلفه الملتجی الی حرم اللّٰہ تعالیٰ محمد بن یعقوب بن محمد الفیروز آبادی عفا اللّٰہ عنه ورحم اللّٰہ تعالیٰ هذا اخر القاموس المحیط والقابوس الوسیط عنیت بجمعه وتالیفه وتهذیبه وترصیفه ولم آل جهداً فی تلخیصه وتخلیصه واتقانه راجیاً ان یکول خالصاً لوجه اللّٰہ ورضوانه وقد یسر اللّٰہ تعالیٰ اتمامه

مخطوطہ نمبر 2289

عربی لغت ''القاموس المحیط'' کا احمد آباد کے خانوادۂ حضرت شاہ وجیہ الدین علویؒ کے حضرت،
حضرت عبداللہؒ کا کتابت کردہ خوبصورت نسخہ ۔ آغاز اور ترقیمہ

(صفحہ نمبر 150)



بمنزلی علی الصفا بمکة المشرفة تجاه الکعبة المعظمه زادها الله تعظیماً وشرفاً وهیأ لقطان باحتهامن بحایح الفرادیس غرفاً ونفع بهذا الکتاب المکتبی من برکاتها اخوانی وحسنه بالقبول یستعیرنی حسنه الغوانی لطائف المعانی واجزل من فضله العظیم ثوابی وجعله نوراً بین یدی یوم حسابی والحمد لله رب العالمین علی فضله الموفور وقبوله منا عفو خاطرنا المکسور المنزور والصلوة والسلام الاتمان الاکملان علی حبیبه وصفیه وخلیله ونبیه محمد الذی لاترتضی لبیان استحقاقه فی الوصف جهدنا ونبتهل الی الله الکریم ان یوصل الیه صلوتنا وان یقرب منه بُعدنا وان یصلی علی آله وازواجه واصحابه ولُاة الحق وقضاة الخلق ورَتقةِ القتف وغررالسبق وفتحه الغرب والشرق ویسلم تسلیما کثیرا کثیرا وحسبنا الله ونعم الوکیل والحمد لله وحده انتهی۔

ترقیمه ..... :۔ وقد یسر الله تعالیٰ اتمام کتابته فی یوم الاربعا تاسع وعشرین شهر ربیع الاول عام تاسع وثمانین وتسعمایۂ بیدا الفقیر الی الله الغنی عبد الله بن وجیه الدین بن نصر الله العلوی عفا الله عنه وعن المسلمین اجمعین آمین رب العالمین۔

حالت ..... :۔ غیر مجلد

نوٹ ..... :۔ عربی کی مشہور لغت۔ بہترین خط۔ ابتدائی ورق کا بالائی حصہ رنگین ومزین۔ کم وبیش تمام اوراق پر عربی حواشی۔ ورق ۴-الف پر مولانا عبدالرحمٰن کا فارسی میں حاشیہ۔ امام مجد الدین فیروز آبادی تغلق خاندان کے دور حکومت میں (چودھویں صدی عیسوی) دوبار دہلی آئے تھے۔ اس نسخہ کے کاتب احمد آباد کے مشہور بزرگ حضرت شاہ وجیہہ الدین علوی کے صاحبزادہ عبد ا ۔ کتابت احمد آباد میں ہوئی۔ حضرت عبداللہ ابن شاہ وجیہ الدین کے مختصر حالات اور کمالات کے لئے دیکھئے : تذکرۃ الوجیہ ص:132 مصنف : سید حسینی پیر علوی، گجرات اردو ساہتیہ اکادمی،

گاندھی نگر، دوسرا ایڈیشن 2004

القاموس المحیط کا اصل عربی متن مکتب تحقیق التراث فی مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت سے دوسری بار ۱۴۰۷ھ/ ۱۹۸۷ء میں شائع ہوا تھا۔

القاموس المحیط دو جلدوں میں احمد بن محمد بن علی الانصاری الیمنی الشروانی کی ادارت میں کلکتہ سے 1817 میں شائع ہو چکی ہے۔ ٹائپ میں چھپے ہوئے اس نسخے کی ایک نقل درگاہ شریف حضرت پیر محمد شاہؒ کتاب خانہ میں مخزون ہے۔

نمبر : 2290

کتاب کا نام... :۔ شرح قاموس المحیط

مصنف ..... :۔ مولانا سلیمان کُرد (؟)

سائز..... :۔ 23x14cm سطور ... :۔ ۳۵

اوراق ..... :۔ ۸ کاتب .... :۔ عیسیٰ بن عبدالرحیم

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ لغت

آغاز..... :۔ الحمد لله وسلام علی عباده الذین اصطفی وبمیا منهم یزول قلق الریب ویحصل طمانینة الیقین والشفا وبعد فقد سالنی بعض الاخوان من اعیان الزمان ان اشرح لهم خطبة القاموس

اختتام ..... :۔ وان یصفح الصفح الجمیل والله یقول الحق وهو یهدی السبیل وبمن علی عبیده بالموفق واعطاء الجزیل

ترقیمه ..... :۔ —

حالت ..... :۔ غیر مجلد۔ مکمل نسخہ

نوٹ ..... :۔ خوبصورت خط میں کتابت شدہ قدیم نسخہ۔

لغت کی معروف کتاب القاموس المحیط کے مقدمہ کی یہ شرح ہے۔ یہ نادر نسخہ ہے۔ مولانا سلیمان کرد کی تالیف منبع الخیرات کے اس کتاب خانہ میں محفوظ قلمی نسخے (نمبر ۱۵۰۵) میں مولانا محمد رضا بن غلام محمد نے مولانا سلیمان کی تصنیفات کی جو فہرست مہیا

KOZ

الجزء الاول من كتاب التعاريف
للسيد الشريف قدس سره العزيز
في علم المنطق

اوراق مکتوبی ۸۷

فایده

قال خلق الله تعالی الارض یوم السبت والجبال یوم الاحد والشجر یوم الاثنین
والکروه یوم الثلثاء والنور یوم الاربعاء والدواب یوم الخمیس وآدم
یوم الجمعة الکثیرون من الصحابة رضوان الله تعالی علیهم صرحوا بان خلق
فنس نفس الارض یوم الاحد والاثنین وخلق الجبال یوم والاکام وما بینهما
فی الثلثاء والاربعاء وخلق السماء فی الخمیس والجمعة ۵ فایده القاضی اذا
قضی ببیع ام الولد جاز عند ابی حنیفة رحمه الله وابی یوسف
رحمهما الله تعالی خلافا لمحمد رحمه الله ۵ فایده اعلم ان الشیئین ان اشتراکا
فی الجنس فهما المتجانسان او فی الکیف فمتشابهان او فی الکم
فمتساویان او فی الاضافة فمتناسبان او فی الخاصة فمتشاطران
او فی الاطراف فمتطابقان او فی وضع الاجزاء فمتوازیان او
فی التنوع فمتماثلان والا فهما المتخالفان فالمتخالفان اما متقابلان
او غیر متقابلین وجه الاشتراک فی سایر اللاحقیات والعرضیات
فلیس لاقسامه اسم خاص یقال قولنا اخر اسم خاص للمتغایرین بالشخص
بالنفس فاحفظه ۵ حواشیه میر هاشم بر شرح هدایه حکمت
حسین میبدی رحمة الله علیه والغفران

مساکین اهل العشق حتی قبورهم
علیها تراب الذل بین المقابر

مخطوطہ نمبر 2291
احمد آباد کے مشہور عالم محمد رضا کی مہر
(صفحہ نمبر 153)

کی ہے اس میں نمبر ۱۰ پر شرح دیباچہ قاموس فی علم اللغۃ کے عنوان سے اس کا ذکر ملتا ہے۔ یہ شرح گیارھویں صدی کی تالیف ہے۔

نمبر : 2291

کتاب کا نام... :۔ **کتاب التعاریف**

مصنف ..... :۔ سید شریف

مہر و مالک.. :۔ محمد رضا غلام محمد ۱۱۵۶

سائز..... :۔ 23x13.5 سطور ... :۔ ۲۱

اوراق ..... :۔ ۸۷ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ شعبان ۱۱۳۴/مئی ۱۷۲۱ خط ..... :۔ نسخ شکستہ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ لغت

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم الحمد للّٰہ حق حمدہ والصلوۃ علی خیر خلقہ محمد والہ اجمعین وبعد فھذہ تعریفات جمعتھا وصطلاحات اخذتھا من کتب القوم ورتبتھا علی حروف الھجاء من الف الی الیاء تسھیلا تتاولھا للطالبین۔

اختتام ..... :۔ فصل الواو یوم الجمع وقت اللقاء والوصول الی عین الجمع الیونسیہ ھو یونس بن عبد الرحمن قال اللّٰہ تعالیٰ علی العرش تحملہ الملائکہ

ترقیمہ ..... :۔ قدتم الکتاب بعون الملک الوھاب فی اوایل شعبان ۱۱۳٤

حالت ..... :۔ مجلد ۔ مکمل ۔ خط شکستہ البتہ واضح ہے۔

نوٹ ..... :۔ بارھویں صدی ھجری کے احمد آباد کے مشہور عالم محمد رضا کی مدور مہر ورق ا۔ الف پر ہے۔ جن کی تحویل میں یہ کتاب رہی تھی۔ اسی ورق پر فایدہ کے عنوان سے عربی تحریر میں تخلیق کائنات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ سرورق میا[ن] جافر [جعفر] صادق کا نام اور کتاب کا عنوان کتاب التعاریف در لغۃ بھی درج ہے۔

نمبر : 2292

کتاب کا نام... :۔ مهذب المصادر فی علم اللغة

مصنف ..... :۔ قاضی نعمت اللہ حاکم قصبہ برودہ

مہر ومالک.. :۔ ملک اسحٰق فضل اللہ سلطانی

سائز..... :۔ 26x17 سطور ... :۔ ۲۱

اوراق ..... :۔ ۱۸۵ کاتب .... :۔ قاضی نعمت اللہ

تاریخِ کتابت.. :۔ ۸۹۴ھ/ ۱۴۷۹ء خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ لغت

آغاز..... :۔ بسم اللّٰه ۔ وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد وآله ..... علی سیرابغِ الآئةِ المترادفةِ ازواجاً ۔ ولواحق نعمائه المتاضدة ..... وصلی علی نبیّ المعتام، المختار محمد سید الکرام، وآله

اختتام ..... :۔ باب الاِفوِعُلال ۔ الا کوِ هدادُ والا کویدادُ ۔ لرزان ۔ الا کویلان ۔ کوتاه شدن ۔ واللّٰه اعلم بالصواب

ترقیمه ..... :۔ تم انتساخ کتاب مهذب المصادر فی علم اللغة بعون اللّٰه و حسن توفیقه ..... غره ربیع الاول عام اربع وتسعی وثمانی مائه۔ بخط قاضی القضاة قاضی نعمت اللّٰه حاکم قصبه برودرهه، حق ومِلك ملك اسحق فضل اللّٰه سلطانی ادام اللّٰه تعالی تقواه والسلام

حالت ..... :۔ مکمل نسخہ ۔ غیر مجلد ۔ کرم خوردہ ۔ آب زدہ

نوٹ ..... :۔ عربی مصادر کے موضوع پر لکھا گیا قیمتی اور قدیم نسخہ ہے۔ کتاب کے ابتدائی ورق پر فہرست باب کے ذیل میں ۳۷ ابواب مع ورق نمبر دئے ہیں۔ پہلا باب فَعَل یَفعل زمانۂ ماضی پر ہے۔

(صفحہ نمبر 154)
بڑودہ میں ۱۲۸۸ھ میں کتابت شدہ قدیم نسخہ
مخطوطہ نمبر 2292



باب الفوعلال

تم انتہاء کتاب مجذب المصادر فی علم اللغۃ
بعونہ تعالیٰ وحسن توفیقہ جباد غرہ ربیع
الاول عام اربع وتسعین وثمانی مائۃ
بخط ماضی الوصاۃ ماضی رحمہ اللہ
قصبہ بروچ حوض مدرسہ سیدی محمد صلی اللہ
سلطانی ادام اللہ تعالیٰ تعالیٰ ایامہ
بیت شیخ خ ذ درس متوصل طاع ع
خادم
محمد ولی بن صلی بات

نمبر : 2293

کتاب کا نام... :۔ برہان قاطع (مطبوعہ)

مصنف ..... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 30x19 سطور ... :۔ ۲۱

اوراق ..... :۔ ۳۰۵ (صفحات ۲ سے ۶۱۲) کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ لغت

آغاز..... :۔ واصطلاحات فارسی واستعارات وکنایات بعربی آمیختہ وجمیع فواید فرھنگ جہانگیری ومجمع الفرس سروری وسرمہ سلیمانی وصحاح الادویہ حسین الانصاری را کہ ہر یک حاوی چندین کتاب لغات اند بطریق ایجاز بنویسد وآن ہیچ وجہ صورت نمی بست مگر باسقاط شواہد وزواید بنا بران ازان ہر دو دیدہ پوشیدہ بلغات ومعانی آن اکتفا واختصار نمود وہمہ را جمع کردہ جداگانہ کتابی ساخت وآنرا مسمّی بہ برہان قاطع نمودہ برنہ فایدہ وبیست ونہ گفتار مقرر ومعین گردانید۔

اختتام ..... :۔ بیان سیّم در زای فارسی بادال ابجد مشتمل برسہ لغت: ژد بفتح اول وسکون ثانی مطلق صمغ را گویند وآن چیزی است چسپندہ کہ از ساق درخت برمی آید۔ ژدوار بفتح اول بروزن ومعنی جدوار است کہ ماہ پروین باشد وآن دوای است مشہور وبضم اول نیز گفتہ اند وجدوار معرب آنست۔ ژدہ بکسر اول وفتح ثانی مخفف اژدہ است کہ سوزن زدن وآژینہ بسنگ آسیا زدن باشد۔

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ مجلد۔ ناقص ۔ آب زدہ۔

نوٹ ..... :۔ ابتداء کا صرف ایک ورق (دو صفحات) نہیں ہے۔ ورق ۱۸-ب پر گفتار اول سے اصل کتاب شروع ہوتی ہے۔ ورق ۲ (صفحہ ۳) پر اس کتاب کے جامع برہان نے حسب ذیل تاریخ کہی ہے:

چو برہان از رہ توفیق یزدان　　مرا این مجموعہ را گردید جامع
پی تاریخ اتمامش قضا گفت　　کتاب نافع برہان قاطع
1652=۱۰۶۲

اس لغت کا جامع برہان دکن کے قطب شاہی سلطان عبد اللہ قطب شاہ (1626-1672) میں گزرا ہے۔ یہ وہی مشہور لغت ہے جس پر غالب نے ''قاطع برہان'' کے نام سے حواشی لکھ کر کتابی صورت میں جمع کیا تھا جو ایک بڑے ادبی تنازعہ کا باعث بنی۔

نمبر : 2294

کتاب کا نام... :۔ آمدن نامہ
مصنف ..... :۔ نامعلوم
مہر و مالک.. :۔ اعظم خان ابن عنایت خان ساکن موضع چھانی قریب شہر بروده
سائز..... :۔ 6.5 x 8.75　　سطور ... :۔ ۱۱ / ۱۲
اوراق ..... :۔ ۱۸　　کاتب .... :۔ -
تاریخِ کتابت.. :۔ -　　خط ..... :۔ نستعلیق
زبان ..... :۔ فارسی مع اردوی قدیم　　موضوع :۔ فارسی مصادر
آغاز..... :۔ رب یسر۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وتمم بالخیر
آمدن آمده بیاید می آید خواہد آمد می آمده بود
آنا آیا آوی آتا ھے آویگا آتا تہا
اختتام ..... :۔ یگانگی خواہد کرد　　یگانگی میکرده بود
دوستے کریگا　　دوستی کرتا تہا
تم تم تم تم
ترقیمه ..... :۔ ہر کہ خاند [کذا] دعا طمع دارم　　زانکہ من بندۂ گنہ گارم
نوشتہ بماند سیہ بر سفید　　نویسندہ را نیست فردا امید
بپوش گر بخطائی رسی وطعنہ مزد　　کہ ہیچ نفس بشر خالی از خطا نبود

حالت ..... :۔ اچھی ہے البتہ غیر مجلد ہے۔

نوٹ ..... :۔ مخطوطہ اور ترجمہ کی زبان بہت پرانی نہیں ہے۔

نمبر : 2295

کتاب کا نام... :۔ **اجے چند نامہ**

مصنف ..... :۔ اجے چند تھاکر پسر دبچند

مہر و مالک.. :۔ مہر (۱) : ذاتی کتب خانہ عبدالحق (۲) کتب خانہ خاص، انجمن ترقی اردو کراچی

سائز..... :۔ 6 x 8.5 سطور ... :۔ ۱۶ / ۱۴

اوراق ..... :۔ ۲۱ کاتب .... :۔ -

تاریخِ تصنیف.. :۔ ۹۶۰ھ/۱۵۵۲ء خط ..... :۔ نستعلیق شکستہ

زبان ..... :۔ اردو۔ہندوی موضوع :۔ لغت

آغاز..... :۔ بسم اللّٰہ الرّحمن الرّحیم

باری تعالیٰ نام کو سائین بسے بزرگے بہت بدائے

خالق جن جگ پیدا کیا رازق سب کو بہوجن دیا

اختتام ..... :۔ ریسمان در ہندوی سوت پسرک بیوہ راندی کوت

بداں نام ..... بود فارسی ہندوی با تا

..... پیر زال ضعیفہ

مہتر است بخشندہ وظیفہ

ترقیمہ ..... :۔ تمام تمام شد کار من نظام شد بروز جمعہ تاریخ ھشتم رجب

حالت ..... :۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو، کراچی میں محفوظ اصل قلمی نسخہ کی یہ فوٹو کاپی ہے۔

نوٹ ..... :۔ آغاز میں حمد باری تعالیٰ اور مدح بادشاہ کے عنوان سے فارسی۔ہندوی ہم معنی الفاظ والے اشعار کے بعد مطبخ خانہ، آب دار خانہ، جامہ دار خانہ، فیل خانہ، شمع خانہ، وغیرہ عنوانات کے تحت لغات جمع کیے ہیں۔ مختلف عنوانات کے آخری شعر میں شاعر نے اپنے نام اجے چند کا استعمال کیا ہے۔

نمبر : 2296

کتاب کا نام... :۔ صرف میر

مصنف ..... :۔ میر سید شریف جرجانی (ولادت: ۷۴۰ھ/۱۳۳۹ء۔ وفات ۸۱۶ھ/۱۴۱۳ء)

مہر و مالک.. :۔ شیخ غلام رسول اور محمد حسین

سائز..... :۔ 22x12 سطور ... :۔ ۱۱

اوراق ..... :۔ ۴۴ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ -

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ صرف

آغاز..... :۔ (۱) بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للّٰہ رب العالمین والعاقبة للمتقین الصلوة والسلام علی رسوله محمد واله واصحابه اجمعین۔ بدان ایدك اللّٰہ تعالیٰ فی الدارین کہ کلمات لغات عرب بر سہ گونہ است اسم و فعل و حرف.....

(۲) ادم واویدم تصغیر ادم۔ سوال: اوادم واویدم دراصل چہ بود (ورق ۴۲)

اختتام ..... :۔ (۱) سار زید وسائرته وخرج زید واستخرجته (ورق ۴۱-ب)

(۲) دراصل من ابوك ومن امك وكم املُكَ وَجَيأَلُ وجَويَةٌ ومرعةٌ (ورق ۴۴-الف)

ترقیمہ ..... :۔ -

حالت ..... :۔ مجلد۔ اچھی حالت میں ہے۔ خط بدلتا ہے۔

نوٹ ..... :۔ مکمل نسخہ ہے اور ورق ۴۱-ب پر ختم ہوتا ہے۔ اس کے بعد کے تین اوراق پر سوال وجواب کی شکل میں صرف کی بحث ہے۔ اس کے دیگر نسخے نمبر 1687-1689 اور 1766-B نیز 1766-C پر بھی ہیں۔

نمبر : 2297

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 22x12 سطور ... :۔ ۱۱

اوراق ..... :۔ ۶ کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط ..... :۔ نستعلیق

زبان ..... :۔ فارسی موضوع :۔ صرف

آغاز..... :۔ ..... قسم است مصدر وغیر مصدر۔ مصدر آن است کہ در آخر معنی فارسی وی تا ونون باشد ویا دال ونون، چون القَتْلُ کُشتن الضَّرْبُ زدن۔

اختتام ..... :۔ باب۵ اِنْفِعَالُ اِنْفَعَلُ یَنْفَعِلُ اِنْفَعَالًا چون اِنْصَرَفَ یَنْصَرِفُ اِنْصِرَافًا باب ۶ تَفَعُّلُ تَفَعَّلَ یَتَفَعَّلُ چون....

ترقیمہ ..... :۔ —

حالت ..... :۔ ناقص الطرفین۔ جلی حروف میں لکھا ہوا۔

نوٹ ..... :۔ عربی صرف پر فارسی زبان میں کسی رسالہ کے اوراق ہیں۔

نمبر : 2298

کتاب کا نام... :۔ **نامعلوم**

مصنف ..... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز..... :۔ 21x11.5 سطور ... :۔ ۲۱

اوراق ..... :۔ ۷۶ کاتب .... :۔ ؟

تاریخِ کتابت.. :۔ ؟ خط ..... :۔ نسخ

زبان ..... :۔ عربی موضوع :۔ نحو

آغاز..... :۔ فسد ..... نحو ماجاء نی احد الاجر افانه لایصح وقوع الا حجرا موقع احد بان مقیم ماجاء نی الاخجر ----

اختتام ..... :۔ افلم یفسد لصحة صدور المحیئ من..... وقوله سبحانه مالهم به

من علم الا اتباع الظن فیصح وقوع الا اتباع ظن موقع من علم
ای مالهم الا اتباع ظن ومابینهما ان لایصح وقوع لمستثنی مع الا
فی موضع لمستثنی منه ای ان حذف لمستثنی منه وانی لمستثنی
مع حرف الاستثنا فی.....

ترقیمه ..... :۔ -

حالت ..... :۔ ناقص الطرفین اوراوراق الگ ہو چکے ہیں۔

